e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110

# اودھ نامہ
LUCKNOW روزنامہ
avadhnama

Rs.3/- Vol- 25 , Issue, 296 Tuesday , July 28 2026 Pages -8

قیمت ۳/روپیہ جلد نمبر(۲۵) شمارہ نمبر(۲۹۷) لکھنؤ، بروز منگل ۲۸-جولائی ۲۰۲۶ء مطابق ۱۳-صفرالمظفر-۱۴۴۸ھ صفحات-۸

### آسام میں تباہ کن سیلاب سے اموات، کھڑگے اور راہل کا اظہارِ تشویش

نئی دہلی۔(ایجنسی) آسام میں تباہ کن سیلاب نے بڑے پیمانے پر تباہی مچا رکھی ہے۔ اس سیلاب کی وجہ سے اب تک کم از کم 68 لوگوں کی موت ہو چکی ہے، جبکہ ریاست کے 25 اضلاع میں تقریباً 10 لاکھ لوگ متاثر ہوئے ہیں۔ سیلاب سے بڑے پیمانے پر جانی و مالی نقصان کے درمیان کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے اور لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی نے متاثرہ لوگوں کے تئیں گہری ہمدردی اور تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے مرکزی و ریاستی حکومت سے راحت، بچاؤ اور بازآبادکاری کے کاموں میں ہر ممکن وسائل استعمال کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ملکارجن کھڑگے نے آسام میں آنے والے تباہ کن سیلاب پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر اپنا ردعمل ظاہر کیا ہے۔ انھوں نے لکھا ہے کہ ''اس قدرتی آفت نے کم از کم 68 قیمتی جانیں لے لی ہیں اور پوری ریاست میں بڑے پیمانے پر تکلیف اور تباہی پھیلائی ہے۔

### طاہر حسین سمیت چار دیگر کی سزا 31 جولائی تک محفوظ

نئی دہلی:(ایجنسی) دہلی کی ایک عدالت نے پیر کو عام آدمی پارٹی کے سابق کونسلر طاہر حسین اور 2020 دہلی فسادات کے دوران انٹیلی جنس بیورو (آئی بی) کے افسر انکت شرما کے قتل کیس میں قصوروار ٹھہرائے گئے چار دیگر افراد کو سنائی جانے والی سزا کی مقدار پر 31 جولائی تک اپنا فیصلہ محفوظ کر لیا۔ پانچوں مجرموں کو سنائی جانے والی سزا کی مقدار پر دلائل سننے کے بعد ایڈیشنل سیشن جج پروین سنگھ نے جمعہ تک اپنا فیصلہ محفوظ کر لیا۔ سماعت کے دوران دہلی پولیس نے عدالت سے تمام پانچوں مجرموں کو سزائے موت سنانے کی درخواست کی، یہ کہتے ہوئے کہ انہوں نے شرما پر ان کے بے لگام حملے میں حیوانی رویے کا سہارا لیا تھا۔ اسپیشل پبلک پراسیکیوٹر مدھوکر پانڈے نے عدالت کو بتایا کہ مجرموں نے شرما کو اغوا کیا، ان پر وحشیانہ حملہ کیا اور انہیں قتل کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کی موت کے بعد بھی وہ ان پر حملے کرتے رہے۔

# طلبہ کی گرفتاریوں پر سی جے پی برہم، دوبارہ احتجاج کی دھمکی

## بی جے پی اقتدار ریاستوں میں مظاہرین اور طلبہ کارکنوں کے خلاف پولیس کارروائی پر سی جے پی سخت برہم، مودی حکومت پر معاہدے کی خلاف ورزی کا الزام عائد

نئی دہلی (یو این آئی) کاکروچ جنتا پارٹی (سی جے پی) نے آسام، بہار، مغربی بنگال اور دہلی سمیت مختلف ریاستوں میں مظاہرین اور طلبہ کارکنوں کے خلاف پولیس کارروائی پر سخت اعتراض ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر حکومت نے مظاہرین کے خلاف کارروائی نہ کرنے کی اپنی یقین دہانی پر عمل نہیں کیا تو پارٹی دوبارہ تحریک چلانے پر مجبور ہوگی پارٹی کے قومی ترجمان آشوتوش رانکا نے پیر کو ایکس پر ایک پوسٹ میں مرکزی وزراء جے پی نڈا اور ڈاکٹر جیتیندر سنگھ کو مخاطب کرتے ہوئے اپنے بیان میں الزام لگایا کہ مظاہرین کے خلاف پولیس کارروائی نہ کرنے سے متعلق معاہدے کی کھلی خلاف ورزی ہو رہی ہے۔ مسٹر رانکا نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا، ہم دیکھ رہے ہیں کہ بہار اور مغربی بنگال میں سینکڑوں طالب علموں کو گرفتار کیا گیا ہے، جبکہ دہلی اور دیگر ریاستوں میں سینکڑوں طالب علموں کی نگرانی کی جا رہی ہے نیز انہیں ہراساں کیا جا رہا ہے۔ دہلی میں مظاہرین کو لاجسٹک مدد پہنچانے والے لوگوں کو بھی حراست میں لیے جانے کی رپورٹیں سامنے آ رہی ہیں۔ مسٹر رانکا نے مطالبہ کیا کہ مظاہرین کے خلاف درج تمام ایف آئی آرز فوری طور پر واپس لی جائیں، گرفتار طالب علموں کو رہا کیا جائے نیز مستقبل میں دہلی پولیس، مرکزی تحقیقاتی ایجنسیوں اور بی جے پی کی حکومت والی ریاستوں کی پولیس کسی بھی مظاہرین کے خلاف نیا معاملہ درج نہ کرے۔ انہوں نے یہ بھی مطالبہ کیا کہ قانونی معاملات سے متعلق تحریری معاہدہ حکومت کی طے شدہ وقت کے مطابق منگل تک فراہم کرایا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ معاہدے کے تحت اگر اس سمت میں کارروائی نہیں ہوئی تو سی جے پی پھر سے دھرنا مظاہرہ شروع کرے گی۔ اس سے پہلے پارٹی کے چیف ترجمان سورَو داس نے بھی بیان جاری کر کے کہا تھا کہ حکومتِ ہند کی یقین دہانی کے بعد ہی سی جے پی نے اپنا ملک گیر مظاہرہ واپس لیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اگر بی جے پی اور این ڈی اے کی حکومت والی ریاستوں میں مظاہرین کے خلاف تادیبی کارروائی جاری رہتی ہے تو یہ حکومت کے وعدے اور لاکھوں نوجوانوں کے اعتماد کے ساتھ اعتماد شکنی ہوگی۔ مسٹر داس نے کہا کہ سی جے پی نے اپنا ملک گیر مظاہرہ حکومتِ ہند کی اس یقین دہانی کے بعد واپس لیا ہے کہ کسی بھی بی جے پی یا این ڈی اے کی حکومت والی ریاست میں مظاہرہ کرنے عالے کسی بھی کارکن کے خلاف تادیبی کارروائی نہیں کی جائے گی۔ آسام، مغربی بنگال اور بہار سے مظاہرین کو حراست میں لینے، گرفتار کرنے اور انہیں نشانہ بنانے کی خبریں شدید تشویش کا باعث ہیں۔ بیان میں کہا گیا، ''ہم ہر مظاہرین کو یقین دلانا چاہتے ہیں کہ ہماری ٹیم ان تمام ریاستوں میں وکلاء کے ساتھ کام کر رہی ہے تاکہ حراست میں لیے گئے لوگوں کی رہائی کو یقینی بنایا جا سکے اور ہر ممکن قانونی امداد دی جا سکے۔ یہ ہم پہلے دن سے کر رہے ہیں۔

انہوں نے کہا، ''ہم حکومتِ ہند سے، خصوصاً جے پی نڈا اور ڈاکٹر جیتیندر سنگھ سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ حکومت کی طرف سے دی گئی یقین دہانی کا احترام کریں اور حراست میں لیے گئے تمام لوگوں کی رہائی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ یہ بھی ہدایت دیں کہ ملک میں کسی بھی مظاہرین کے خلاف کوئی تادیبی کارروائی نہ کی جائے۔ مظاہرین کے خلاف درج کی گئی ایف آئی آرز کو بھی واپس لیا جانا چاہیے۔''

انہوں نے حکومتِ ہند کو یاد دلایا کہ اس سلسلے میں انہیں تحریری ضمانت منگل (28 جولائی) تک فراہم کرنے کا وعدہ پورا کیا جائے۔ پارٹی نے اپنا ملک گیر مظاہرہ حکومت پر بھروسے کی بنیاد پر ہی ختم کیا تھا کہ وہ اپنے وعدے پر کھری اترے گی۔ اس وعدے کو توڑ کر نہ صرف حکومت سی جے پی سے اعتماد شکنی کرے گی، بلکہ ان لاکھوں نوجوانوں کے بھروسے کو بھی توڑے گی جنھوں نے مظاہرے کے بجائے بات چیت کا راستہ چنا۔ بیان میں کہا گیا، ''اس طرح کی اعتماد شکنی نوجوانوں کو قطعی ناقابل قبول ہے۔ حکومتِ ہند کو یاد دلایا جاتا ہے کہ اس کی ساکھ صرف وعدہ کرنے سے نہیں، بلکہ اس وعدے کو پورا کرنے سے ہے۔'' بیان میں نوجوان مظاہرین کو یقین دلایا گیا کہ وہ ڈٹے رہیں اور سی جے پی ان کے ساتھ ہے۔



### ویب سائٹ لانچ، پریس کانفرنس کی اہم باتیں

سی جے پی کے ترجمان سورَو داس نے پارٹی کی سرکاری ویب سائٹ پر ساکشی (Saakshi) نامی آن لائن پلیٹ فارم کا افتتاح کیا۔

اس پلیٹ فارم پر 20 جولائی کو منعقدہ چلو پارلیمنٹ مارچ میں شریک مظاہرین پولیس کارروائی سے متعلق تصاویر اور ویڈیوز محفوظ طریقے سے اپ لوڈ کر سکیں گے۔ اس کے استعمال کی تفصیلی رہنمائی بھی ویب سائٹ پر فراہم کی گئی ہے۔

سورَو داس نے مظاہرین سے اپیل کی کہ وہ 20 جولائی کے احتجاج کے دوران اور اس کے بعد مبینہ پولیس تشدد سے متعلق تمام تصاویر اور ویڈیوز اس پلیٹ فارم پر اپ لوڈ کریں۔

پارٹی نے کہا کہ شدید زخمی کرنے، ہاتھ پاؤں توڑنے، پیلٹ گن چلانے یا کسی بھی قسم کی مبینہ زیادتی میں ملوث پولیس اور ریپڈ ایکشن فورس (RAF) کے اہلکاروں کی شناخت کی جائے گی۔

سورَو داس نے کہا کہ ایسے اہلکاروں کے خلاف باقاعدہ شکایات درج کرائی جائیں گی، ایف آئی آر درج کرانے کی کوشش کی جائے گی اور ضرورت پڑنے پر عدالت سے بھی رجوع کیا جائے گا۔



### سو سال بعد بھی اہمیت کا حامل ہے گاندھی کا ستیہ گرہ: سونم وانگچک

نئی دہلی (یو این آئی) ماحولیاتی کارکن اور ماہرِ تعلیم سونم وانگچک نے پیر کو کہا کہ ایک بار پھر یہ ثابت ہو گیا ہے کہ بابائے قوم مہاتما گاندھی کا عدم تشدد اور امن کا راستہ 100 سال بعد بھی غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے اور آنے والے ہزاروں سال تک رہے گا۔ مسٹر وانگچک نے پیر کو یہاں راج گھاٹ پر گاندھی جی کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے بعد صحافیوں سے کہا، ''میں سب سے پہلے باپو کو یاد کرنے راج گھاٹ آنا اور ملک کو بتانا چاہتا تھا کہ ان کا بتایا ہوا راستہ آج بھی اتنا ہی اہم ہے جتنا 100 سال پہلے تھا۔ لوگ کہتے ہیں کہ ایسی حکومت کے ساتھ یہ طریقے نہیں چلتے ہیں۔ مجھے لگتا ہے کہ یہ طریقہ حاکم سے زیادہ عوام کے دل تک پیغام پہنچاتا ہے۔ قابلِ ذکر ہے کہ مسٹر وانگچک نے نیٹ پیپر لیک نیز اس کے بعد 22 امیدواروں کی خودکشی پر وزیرِ تعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفے کا مطالبہ کرتے ہوئے 28 جون سے یہاں جنتر منتر پر بھوک ہڑتال شروع کی تھی۔ کچھ دنوں کے بعد پولیس نے مسٹر وانگچک کو وہاں سے ہٹا کر اسپتال میں داخل کرا دیا تھا۔ حکومت کی طرف سے ان کے مطالبات پر کچھ یقین دہانی کرائے جانے کے بعد انہوں نے 26 دن کی بھوک ہڑتال ختم کی تھی۔

# 'آپ صرف احتجاج کرنے پر لاٹھی چارج نہیں کر سکتے'

## دہلی پولیس کی کارروائی پر سپریم کورٹ کا سخت تبصرہ



نئی دہلی۔(ایجنسی) سپریم کورٹ نے پیر کے روز طلباء کی حالیہ تحریک کے دوران مظاہرین کے خلاف پولیس کی بربریت پر سخت ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ صرف تحریک چلائے جانے کی بنیاد پر لاٹھی چارج نہیں کی جا سکتی ہے۔ چیف جسٹس آف انڈیا (سی جے آئی) سوریہ کانت کی سربراہی والی بنچ نے یہ تبصرہ اُس وقت کیا، جب ملک کے مختلف حصوں میں مظاہرین کے خلاف طاقت کے استعمال سے متعلق عرضیوں کا ذکر (مینشننگ) اُن کے سامنے کیا گیا۔ ان میں ایک عرضی اُن طلبہ کے ایک گروپ کی جانب سے دائر کی گئی ہے، جنہوں نے الزام لگایا ہے کہ احتجاج کے دوران پولیس نے اُن کے ساتھ مار پیٹ کی۔ ایک دوسری عرضی میں یہ بھی الزام لگایا گیا ہے کہ بہار کے سیوان میں مظاہرین کے خلاف اے کے-47 رائفل کا استعمال کیا گیا۔ اس پر عدالت نے کہا کہ پولیس کے ذریعہ طاقت کے استعمال کے الزامات کی آزادانہ جانچ ہونی چاہیئے۔ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کو خط لکھنے والے وکیل نے اب اسی معاملے پر مفادِ عامہ کی عرضی (پی آئی ایل) بھی دائر کر دی ہے۔ اس سے قبل 3 دنوں پہلے بھیجے گئے خط پر چیف جسٹس نے کوئی نوٹس نہیں لیا تھا۔ درخواست گزار پریا مشرا کی جانب سے ایڈووکیٹ نریندر مشرا کے ذریعہ دائر مفادِ عامہ کی عرضی میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ سپریم کورٹ مدعا علیہان کو حکم دیتے ہوئے مینڈیمس کی رٹ جاری کرے۔ اس کے تحت متعلقہ واقعات سے جڑے تمام الیکٹرانک اور ڈیجیٹل شواہد کو فوری طور پر محفوظ رکھنے اور ریزرو کرنے کی ہدایات دی جائیں۔ ان میں سی سی ٹی وی فوٹیج، باڈی وارن کیمرہ فوٹیج، ڈرون فوٹیج، موبائل فون ریکارڈنگ، سوشل میڈیا پر دستیاب ویڈیو اور پوسٹ، پولیس وائرلیس اور مواصلاتی ریکارڈ، کال لاگ، کنٹرول روم ریکارڈ، تعیناتی سے متعلق ہدایت، جی پی ایس ریکارڈ اور دیگر سبھی متعلقہ الیکٹرانک اور دستاویزی ثبوت شامل ہیں۔ عرضی میں کہا گیا ہے کہ شواہد تباہ ہونے، تبدیل کیے جانے، ثبوت کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کیے جانے اور گم ہونے سے بچایا جائے۔ اس بات کو بھی یقینی بنایا جائے کہ تمام ثبوت مناسب عدالتی اور تفتیشی اتھارٹی کے سامنے پیش کیے جائیں۔ عرضی میں یہ مطالبہ بھی کیا گیا ہے کہ جہاں دستیاب شواہد، جیسے سرکاری ریکارڈ، الیکٹرانک شواہد، میڈیا رپورٹس اور دیگر قابلِ اعتماد مواد کی بنیاد پر یہ ظاہر ہوتا ہو کہ کسی شخص، سرکاری ملازم، پولیس افسر، سیکورٹی اہلکار یا کسی دیگر مجاز اتھارٹی کے ذریعہ پولیس جرم لگتا ہے تو وہاں آئین اور نافذ قوانین کے مطابق فوری طور پر ایف آئی آر درج کی جائے اور غیر جانبدار، آزادانہ اور مقررہ مدت کے اندر فوجداری جانچ شروع کی جائے۔

# جوہر یونیورسٹی کے 38 عمارتوں کے انہدام پر عبوری روک

## مرادآباد کمشنر نے آر ڈی اے کا حکم کیا معطل، جوہر یونیورسٹی کو بڑی قانونی راحت

مرادآباد:(ایجنسی) اتر پردیش کے رام پور میں واقع محمد علی جوہر یونیورسٹی کو بڑی قانونی راحت ملی ہے۔ مرادآباد کے ڈویژنل کمشنر آنجنیہ کمار سنگھ نے رام پور ڈیولپمنٹ اتھارٹی (آر ڈی اے) کی جانب سے یونیورسٹی کی 38 عمارتوں کو منہدم کرنے کے حکم پر اگلی سماعت تک عبوری روک لگا دی ہے۔ یونیورسٹی انتظامیہ کی اپیل پر سماعت کرتے ہوئے کمشنر نے فی الحال انہدامی کارروائی معطل کرنے کا حکم دیا، جس کے بعد یونیورسٹی کی عمارتوں پر بلڈوزر کارروائی روک دی گئی ہے۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے آر ڈی اے کے 15 جولائی کے حکم کے خلاف مرادآباد ڈویژنل کمشنر کی عدالت میں قانونی اپیل دائر کی تھی۔ پیر کو ہونے والی سماعت کے دوران کمشنر نے ابتدائی دلائل سننے کے بعد عبوری حکم جاری کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ سماعت تک جمود برقرار رکھا جائے اور کسی قسم کی انہدامی کارروائی نہ کی جائے۔

واضح رہے کہ رام پور ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے 15 جولائی کو محمد علی جوہر یونیورسٹی کی 40 عمارتوں میں سے 38 کو منظور شدہ نقشوں کے بغیر تعمیر شدہ قرار دیتے ہوئے غیر قانونی بتایا تھا۔ اتھارٹی نے یونیورسٹی انتظامیہ کو 20 دن کے اندر یہ عمارتیں خود منہدم کرنے کی ہدایت دی تھی اور خبردار کیا تھا کہ حکم پر عمل نہ ہونے کی صورت میں انتظامیہ خود کارروائی کرے گی۔ آر ڈی اے کے فیصلے کے بعد یونیورسٹی انتظامیہ، جوہر ٹرسٹ، طلبہ اور ملازمین نے اس کی مخالفت شروع کر دی تھی۔ یونیورسٹی کیمپس میں طلبہ کا احتجاجی دھرنا بھی جاری ہے۔ جوہر ٹرسٹ کا موقف ہے کہ آر ڈی اے نے دستیاب ریکارڈ اور متعلقہ دستاویزات کا مکمل جائزہ لیے بغیر انہدام کا حکم جاری کیا ہے۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے 20 جولائی کو ڈویژنل کمشنر کی عدالت میں اپیل دائر کرنے کے ساتھ ساتھ الٰہ آباد ہائی کورٹ سے بھی رجوع کیا تھا۔ دونوں مقدمات کی سماعت 28 جولائی کو مقرر تھی، تاہم مرادآباد کے سینئر وکیل آمود اگروال کے انتقال کے باعث عدالتی کارروائی متاثر ہونے کے امکان کے پیشِ نظر یونیورسٹی کی جانب سے پیر ہی کو جلد سماعت کی درخواست کی گئی۔ یونیورسٹی کے وکیل جنید اعجاز نے بتایا کہ ڈویژنل کمشنر کی عدالت نے ابتدائی سماعت کے بعد آر ڈی اے کے انہدامی حکم پر عبوری روک لگا دی ہے۔ ان کے مطابق آئندہ سماعت میں دونوں فریقین کے دلائل سننے کے بعد اس معاملے میں مزید کارروائی اور حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔ اس عبوری حکم کے بعد فی الحال محمد علی جوہر یونیورسٹی کی 38 عمارتوں کے خلاف کسی بھی قسم کی انہدامی کارروائی نہیں کی جائے گی، جبکہ آئندہ سماعت میں مقدمے کی قانونی حیثیت اور آر ڈی اے کے حکم کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔




**یونیورسٹی کیمپس میں طلبہ کا احتجاجی دھرنا بھی جاری ہے**

# پیپر لیک بل پر حکومت و اپوزیشن میں اتفاق، آج بحث اور ووٹنگ

## 'طلبہ کو دھمکیاں دی جا رہی ہیں، امت شاہ جواب دیں، پی ایم مودی معافی مانگیں'، کھڑگے مودی حکومت پر حملہ آور

نئی دہلی۔(ایجنسی) پبلک ایگزامینیشن (غیر منصفانہ ذرائع کی روک تھام) ترمیمی بل، 2026 کے معاملے پر پارلیمنٹ میں جاری تعطل ختم ہونے کی امید ظاہر کی جا رہی ہے۔ خبر رساں ایجنسی پی ٹی آئی کے مطابق اپوزیشن نے منگل کو اس بل پر بحث شروع کرنے پر آمادگی ظاہر کر دی ہے۔ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا نے مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں سے بات چیت کی، جس کے بعد حکومت اور اپوزیشن دونوں نے 28 جولائی کو بل پر بحث اور ووٹنگ کرانے پر اتفاق کر لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بل پر بحث منگل کو دوپہر 12 بجے سے شروع ہو سکتی ہے۔ اس سے قبل پیر کے روز لوک امتحان ترمیمی بل لوک سبھا میں پیش کیا گیا تھا، تاہم اپوزیشن کے ہنگامے کے باعث اس پر بحث نہیں ہو سکی۔ اپوزیشن کا مطالبہ تھا کہ نیٹ پیپر لیک کے خلاف احتجاج کرنے والے طلبہ پر مبینہ لاٹھی چارج کے معاملے پر پہلے ایوان میں بحث کرائی جائے۔ کانگریس کا کہنا ہے کہ اس معاملے پر مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ ایوان میں آ کر بیان دیں۔ اسی مطالبے کے باعث لوک سبھا کی کارروائی دن بھر میں چار مرتبہ ملتوی کرنا پڑی۔ جب بھی کارروائی دوبارہ شروع ہوئی، کانگریس اور سماجوادی پارٹی کے اراکین پارلیمنٹ بینر لے کر ایوان کے وسط میں پہنچ گئے اور حکومت کے خلاف نعرے بازی کرتے رہے۔

کانگریس کے قومی صدر اور راجیہ سبھا میں قائدِ حزبِ اختلاف ملکارجن کھڑگے نے طلبہ کے حالیہ احتجاج اور ان کے خلاف پولیس کارروائی پر مودی حکومت کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج میں شریک نوجوانوں کو نہ صرف دھمکیاں دی جا رہی ہیں بلکہ بہار اور مغربی بنگال میں کئی طلبہ کو زبردستی حراست میں بھی لیا گیا ہے۔ کھڑگے نے کہا کہ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کو اس معاملے پر پارلیمنٹ اور ملک کے سامنے جواب دینا ہوگا، جبکہ وزیر اعظم نریندر مودی کو عوام سے معافی مانگنی چاہیے۔



### 'امت شاہ جواب دو، لاٹھی کا حساب دو'، پارلیمنٹ احاطہ میں مظاہرہ

پارلیمنٹ میں مانسون اجلاس ایک بار پھر ہنگامہ خیز ہوتا ہوا دکھائی دے رہا ہے۔ اپوزیشن پارٹیاں دہلی میں مظاہرین طلبا کے خلاف پولیس اہلکاروں کی بربریت کو زوردار انداز میں اٹھا رہی ہیں۔ آج پارلیمنٹ احاطہ میں کانگریس اور دیگر انڈیا بلاک کی پارٹیوں کے لیڈران 'امت شاہ جواب دو، لاٹھی کا حساب دو' نعرہ لگاتے ہوئے نظر آئے۔ اپوزیشن اراکین پارلیمنٹ نے طلبا پر ہوئی لاٹھی چارج کے خلاف مظاہرہ کیا اور مودی حکومت سے کہا کہ اسے طلبا پر کیے گئے مظالم کا حساب دینا ہوگا۔ مظاہرین طلبا کے خلاف کارروائی کا معاملہ آج لوک سبھا اور راجیہ سبھا میں بھی اٹھایا گیا، جس کی وجہ سے دونوں ایوانوں کی کارروائی شروع ہونے کے کچھ ہی دیر بعد اسے 12 بجے تک کے لیے ملتوی کرنا پڑا۔ راجیہ سبھا میں حزب اختلاف کے قائد ملکارجن کھڑگے نے ایوان بالا کی کارروائی شروع ہونے کے بعد اپنی بات رکھتے ہوئے کہا کہ ''ایسا ہندوستان کی تاریخ میں کبھی نہیں ہوا، جب طلبا کو پیٹا اور گھسیٹا گیا ہو۔'' انھوں نے مزید کہا کہ ''طلبا پر حملہ کے لیے امت شاہ ذمہ دار ہیں۔'' اس بیان پر برسر اقتدار طبقہ کے لوگوں نے سخت اعتراض کیا اور ایوان میں ہنگامہ شروع ہو گیا۔ دوسری طرف راہل گاندھی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر ایک پوسٹ جاری کر بہار میں طلبا پر اے کے-47 سے فائرنگ کیے جانے کی خبر پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے اپنی پوسٹ میں لکھا ہے کہ ''طلبا کے خلاف پورا کا پورا سسٹم ہی جانلیوا ہے۔

### نیٹ پیپر لیک کے معاملے پر 'فاسٹ ٹریک کورٹ' کی سماعت پہلے دن ہی ملتوی

نئی دہلی۔(ایجنسی) ملک بھر میں طلباء کے احتجاجی مظاہروں کے درمیان حکومت نے نیٹ پیپر لیک کے ملزمین کو سزا دلانے کے لیے 'فاسٹ ٹریک کورٹ' تشکیل دی ہے۔ پیپر لیک معاملے کی پہلی سماعت آج بروز پیر، 27 جولائی کو دہلی کی راؤز ایونیو کورٹ میں 'پبلک اگزامینیشنز (پریوینشن آف انفیئر مینز) ایکٹ، 2024' کے تحت تشکیل دی گئی 'فاسٹ ٹریک کورٹ' میں ہوئی۔ اطلاع کے مطابق سی بی آئی کی جانب سے آج معاملے کی سماعت میں کوئی بھی وکیل کورٹ میں پیش نہیں ہوا۔ سرکاری وکیل کے موجود نہیں ہونے کی وجہ سے سماعت کو 3 اگست تک کے لیے ملتوی کر دیا گیا ہے۔ فاسٹ ٹریک کورٹ کی اسپیشل جج انو گروور بالیگا کو نیٹ-یو جی 2026 پیپر لیک معاملے میں گرفتار کیے گئے دنیش بیوال اور وکاس بیوال کی ضمانت عرضیوں پر سماعت کرنی تھی۔ کورٹ نے 'ڈائریکٹر پراسیکیوشن' کو نیٹ پیپر لیک معاملے کے لیے 'پبلک پراسیکیوٹر' کی تقرری کرنے کے لیے کہا ہے۔ راؤز ایونیو کورٹ میں معاملے کی اگلی سماعت 3 اگست کو صبح 10 بجے ہوگی۔ دنیش بیوال اور وکاس بیوال، یہ دونوں ملزمین سی بی آئی کی جانب سے نیٹ-یو جی پیپر لیک سازش کے سلسلے میں گرفتار کیے گئے 13 ملزمین میں شامل ہیں۔

### رام مندر چندہ چوری معاملہ: سپریم کورٹ کی ہدایت پر نئی ایس آئی ٹی تشکیل، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹ بھی ہوگا رکن

نئی دہلی۔(ایجنسی) ایودھیا میں رام جنم بھومی مندر ٹرسٹ کے نذرانہ و چندہ چوری معاملے میں سپریم کورٹ میں آج اہم سماعت ہوئی۔ اس دوران چیف جسٹس آف انڈیا سوریہ کانت، جسٹس جوئے مالیا باگچی اور جسٹس وی موہنا کی بنچ کے سامنے اتر پردیش حکومت نے اپنے دلائل رکھے۔ ریاستی حکومت کی طرف سے معاملے کی پیروی کرتے ہوئے سالیسٹر جنرل تشار مہتا نے عدالت کو بتایا کہ معاملہ کی شفاف جانچ کے لیے دوبارہ ایس آئی ٹی بنا دی گئی ہے۔ سپریم کورٹ کی پچھلی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے اس نئی ایس آئی ٹی کی ذمہ داری سینئر افسران کو سونپی گئی ہے۔ سالیسٹر جنرل نے بتایا کہ سپریم کورٹ کے مشورہ کے مطابق لکھنؤ رینج کے پولیس انسپکٹر جنرل کرن ایس۔ کو ایس آئی ٹی کا چیف بنایا گیا ہے۔ اس 3 رکنی ایس آئی ٹی میں آئی جی کرن ایس۔ کے علاوہ مزید 2 سینئر آئی پی ایس افسران کو شامل کیا گیا ہے۔ ان میں ایودھیا رینج کے ڈی آئی جی سومین ورما اور ایودھیا کے سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس گورو گروور شامل ہیں۔ اس معاملہ میں سماعت کے دوران سپریم کورٹ نے مشورہ دیا کہ مالی بے ضابطگیوں کی جانچ کے لیے ٹیم میں کسی چارٹرڈ اکاؤنٹینٹ کو بھی شامل کیا جانا چاہیے۔ عدالت کے اس مشورہ پر سالیسٹر جنرل تشار مہتا نے اتفاق ظاہر کیا۔


### بی جے پی نے تعلیمی نظام کو تباہ کر دیا ہے: اکھلیش یادو

لکھنؤ (یو این آئی) سماج وادی پارٹی (ایس پی) کے قومی صدر اور اتر پردیش کے سابق وزیر اعلیٰ اکھلیش یادو نے الزام لگایا ہے کہ بی جے پی حکومت نے تعلیمی نظام کو مکمل طور پر برباد کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹیوں، تعلیمی اداروں اور امتحانی نظام پر شدید بحران چھایا ہوا ہے اور حکومت تعلیمی نظام میں نااہل اور غیر رجسٹرڈ لوگوں کو جگہ دے رہی ہے۔ پارٹی کی طرف سے جاری کردہ بیان کے مطابق مسٹر اکھلیش یادو نے کہا کہ تعلیم اور تعلیمی اداروں کو بچانے کے لیے پوری اپوزیشن متحد ہے۔ انہوں نے نیٹ پیپر لیک کے خلاف چلنے والی تحریک کی کامیابی پر نوجوانوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ طلبہ کے جدوجہد اور ان کے حوصلے کی جیت ہے۔ سماج وادی پارٹی کے سربراہ نے الزام لگایا کہ بی جے پی حکومت طلبہ کی آواز کو دبانے کا کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہار میں احتجاج کرنے والے کئی طلبہ کو جیل بھیجا گیا، سوشل میڈیا پر حکومت کے خلاف لکھنے والوں پر بھی کارروائی کی جا رہی ہے اور طلبہ کو مسلسل ہراساں کیا جا رہا ہے۔ مسٹر یادو کا الزام ہے کہ بہار میں پولیس نے احتجاج کے دوران اے کے 47 کا بھی استعمال کیا۔ انہوں نے حکومت سے نوجوانوں کے شعور کو چیلنج نہ کرنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ بی جے پی کی پالیسیاں طالب علم اور نوجوان مخالف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی کے ایجنڈے میں نوکری اور روزگار شامل نہیں ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ نیٹ امتحانی پیپر لیک معاملے کے بعد جن طلبہ کی موت ہوئی، ان کے خاندانوں کی حکومت نے کیا مدد کی۔ انہوں نے کہا کہ سماج وادی پارٹی پی ڈی اے (پسماندہ، دلت اور اقلیت) کے ساتھ سماجی انصاف کے قیام کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔



### بہار بند: سیوان میں اے کے-47 سے فائرنگ کرنے والا جوان معطل

**پٹنہ سمیت کئی اضلاع میں 21 ایف آئی آر درج، 450 گرفتار**



پٹنہ (ایجنسی) بہار بند کے دوران سیوان میں ہوئے پرتشدد مظاہرے کے درمیان اے کے-47 سے فائرنگ کرنے والے پولیس جوان کے خلاف بڑی کارروائی کی گئی ہے۔ وائرل ویڈیو سامنے آنے کے بعد پولیس ہیڈکوارٹر نے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے پولیس جوان ابھیشیک پٹیل کو فوری طور پر معطل کر دیا ہے۔ بتایا جا رہا ہے کہ ابھیشیک پٹیل اسپیشل انویسٹی گیشن ٹیم (ایس آئی ٹی) میں تعینات تھے۔ پولیس محکمے نے اس معاملے میں محکمہ جاتی کارروائی بھی شروع کر دی ہے۔ واضح رہے کہ 25 جولائی کو بہار بند کے دوران سیوان میں مظاہرین اور پولیس کے درمیان صورتحال کشیدہ ہو گئی تھی۔ احتجاج کے دوران جھڑپ، پتھراؤ اور لاٹھی چارج کی نوبت آ گئی تھی۔ اسی دوران سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو تیزی سے وائرل ہوئی، جس میں ایک پولیس جوان اے کے 47 سے فائرنگ کرتا ہوا دکھائی دے رہا تھا۔ ویڈیو سامنے آنے کے بعد پولیس محکمہ میں کھلبلی مچ گئی۔ افسران نے معاملے کی جانچ شروع کی اور ابتدائی کارروائی کرتے ہوئے متعلقہ اہلکار کو معطل کر دیا۔ پولیس اب یہ پتہ لگانے میں مصروف ہے کہ کن حالات میں جوان نے ہتھیار کا استعمال کیا اور کیا فائرنگ قوانین کے تحت کی گئی تھی یا نہیں۔ بہار بند کے دوران ہوئے پرتشدد واقعات کو لے کر پولیس نے ریاست کے کئی اضلاع میں کارروائی تیز کر دی ہے۔

# امریکہ ایران امن معاہدہ لبنان پر اسرائیلی حملوں کے خاتمے سے مشروط: مجتبیٰ خامنہ ای

## امریکہ کا جارحانہ موقف سفارت کاری کو نقصان پہنچا رہا ہے: ایران



تہران، 27 جولائی (یو این آئی) ایرانی سُپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے کہا ہے کہ تہران اور واشنگٹن کے درمیان کسی بھی امن معاہدے کی بنیادی شرط لبنان پر اسرائیلی حملوں کا مکمل اور غیر مشروط خاتمہ ہے۔ مجتبیٰ خامنہ ای نے گزشتہ روز سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری اپنے بیان میں کہا ہے کہ لبنان کی علاقائی سالمیت کے تحفظ اور صیہونی حکومت کی جارحیت کا مکمل اور غیر مشروط خاتمہ امریکہ کے ساتھ مسلط کردہ جنگ کے خاتمے کے لیے کسی بھی معاہدے کی اولین شرط ہے۔ انہوں نے اپنے متعدد پیغامات میں لبنان کی مزاحمتی تنظیم حزب اللہ، اس کے سابق سربراہ حسن نصر اللہ اور جنوبی لبنان کے عوام سے بھی اظہارِ یکجہتی کیا ہے، جہاں اسرائیلی حملوں کا زیادہ تر مرکز رہا ہے۔ خامنہ ای نے کہا کہ ایران ان مظلوم مگر طاقت ور مجاہدین کے دفاع کو اپنی تزویراتی ذمے داری سمجھتا ہے۔ ان کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران اور امریکہ کے درمیان سفارتی رابطوں کی بحالی اور کشیدگی میں ممکنہ کمی کی اطلاعات گردش کر رہی ہیں۔ تہران اس مؤقف پر قائم ہے کہ ایران اور امریکہ کے درمیان جنگ کے خاتمے کے لیے اسرائیل کا لبنان پر حملے روکنا ناگزیر شرط ہے۔ ایران نے جون میں واشنگٹن کے ساتھ طے پانے والی مفاہمتی یادداشت کی پہلی شق میں بھی اس مطالبے کو شامل کیا تھا، تاہم بعد ازاں آبنائے ہرمز سے متعلق اختلافات کے باعث یہ مفاہمتی عمل تعطل کا شکار ہو گیا۔ دوسری جانب لبنانی فوج نے گزشتہ روز الزام عائد کیا کہ اسرائیلی افواج انخلاء کے عمل میں رکاوٹیں کھڑی کر رہی اور طے شدہ علاقوں سے پیچھے ہٹنے سے انکار کر رہی ہیں۔ لبنانی فوج کے مطابق اسرائیلی افواج جنوبی لبنان کے زیرِ قبضہ علاقوں میں اب بھی بلڈوزنگ، گولہ باری اور مشین گنوں سے سرچ آپریشنز جاری رکھے ہوئے ہیں۔ تازہ جھڑپوں میں لبنان میں اب تک کم از کم 4,329 افراد ہلاک ہو چکے ہیں، جبکہ اسرائیل کے 37 فوجی اور چار شہری بھی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔

☆ ایران کے امور خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ ایران اور امریکہ کے درمیان پیغامات کا تبادلہ جاری ہے، تاہم واشنگٹن کی فوجی کارروائیوں کے باعث سفارت کاری کو نقصان پہنچا ہے اور موجودہ حالات مذاکرات کے لیے سازگار نہیں ہیں۔ آسٹریا کے او آر ایف (او آر ایف) ٹیلی ویژن کو دیے گئے ایک انٹرویو میں بقائی نے واضح کیا کہ ایران کی اولین ترجیح فی الوقت مذاکرات شروع کرنے کے بجائے اپنی خودمختاری کا دفاع کرنا ہے۔ انہوں نے کہا، "ہمارے درمیان پیغامات کا تبادلہ ہو رہا ہے، لیکن اس وقت ہماری ترجیح ایران کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور اپنے عوام کا دفاع کرنا ہے۔" بقائی نے واشنگٹن پر سفارت کاری کو بار بار سبوتاژ کرنے کا الزام لگایا اور کہا کہ امریکی اقدامات نے مذاکرات کے لیے ضروری ماحول کو ختم کر دیا ہے اور یہ تہران کے ساتھ کیے گئے پچھلے معاہدوں کی صریح خلاف ورزی ہے۔ ترجمان نے حالیہ امریکی حملوں کو ایران کے خلاف جاری ایک "غیر قانونی جنگ" قرار دیا اور مؤقف اختیار کیا کہ یہ کارروائیاں واشنگٹن کے اپنے وعدے پورے کرنے میں ناکامی کا واضح ثبوت ہیں۔ آبنائے ہرمز کے حوالے سے بقائی کا کہنا تھا کہ ایران بین الاقوامی بحری آمد و رفت کی سیکیورٹی کو یقینی بنانے کی اپنی ذمہ داری پوری کر رہا ہے، لیکن وہ اس تزویراتی بحری راستے کو ملک کی قومی سلامتی کے خلاف بطور پلیٹ فارم استعمال کرنے کی اجازت ہرگز نہیں دے گا۔ حالیہ ہفتوں میں امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی اس وقت شدید ہو گئی جب امریکہ نے ایران پر حملے کیے اور تہران نے جواباً بحرین، اردن اور کویت سمیت خطے کے مختلف ممالک میں موجود امریکی فوجی تنصیبات اور آلات کو نشانہ بنایا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے 8 جولائی کو تہران پر معاہدے کی خلاف ورزی کا الزام لگاتے ہوئے ایران کے ساتھ طے شدہ مفاہمت کی یادداشت کے "خاتمے" کا اعلان کیا تھا۔ ایکسپریس نیوز پورٹل ایکسیوس ※ کی ہفتے کی رپورٹ کے مطابق، معاملے سے باخبر ذرائع کا کہنا ہے کہ صدر ٹرمپ نے اب امریکی فوج کو ایران پر مزید حملے نہ کرنے کی ہدایت جاری کی ہے، جس سے تقریباً دو ہفتوں سے جاری روزانہ کے حملوں کا سلسلہ رک گیا ہے۔

## ایرانی اندرونی معاملات میں مداخلت، فرانسیسی سفیر طلب



تہران، 27 جولائی (یو این آئی) ایران نے اندرونی معاملات میں مداخلت پر تہران میں تعینات فرانسیسی سفیر کو گزشتہ روز طلب کر لیا۔ ایرانی وزارتِ خارجہ کے ترجمان کا کہنا ہے کہ فرانسیسی سفیر کو تہران میں تعینات 2 فرانسیسی سفارت کاروں کی سرگرمیوں پر طلب کیا گیا۔ اسماعیل بقائی نے ہفتہ وار پریس بریفنگ میں بتایا کہ ملاقات کے دوران اس بات پر زور دیا گیا کہ فرانسیسی حکومت گمراہ کن عنوانات کے تحت ایران کے اندرونی معاملات میں مداخلت اور اس نوعیت کی سرگرمیاں بند کرے۔ ان کا کہنا ہے کہ دونوں فرانسیسی سفارت کار سول سوسائٹی سے رابطوں کے بہانے ایران کے اندرونی معاملات میں مداخلت کر رہے تھے، ان کی سرگرمیاں ویانا کنونشن برائے سفارتی تعلقات کے تحت کسی صورت جائز نہیں تھیں۔ واضح رہے کہ 20 جولائی کو ایران کی سیکیورٹی فورسز نے 2 فرانسیسی سفارت کاروں کو حراست میں لے کر کئی گھنٹوں تک ان سے پوچھ گچھ کی، جس کے بعد انہیں فرانسیسی سفارت خانے واپس جانے کی اجازت دے دی گئی۔ حراست میں لیے گئے سفارت کاروں میں سے ایک نے الزام عائد کیا کہ دورانِ حراست اس کے ساتھ جسمانی بدسلوکی بھی کی گئی۔ فرانس کے وزیرِ خارجہ ژاں نوئل بارو نے اس واقعے کو دھمکی آمیز رویے کا نہایت سنگین اقدام قرار دیا۔

# بحیرۂ کیسپین میں ایرانی تجارتی جہاز پر مبینہ یوکرینی حملہ، خطے میں نیا محاذ کھلنے کا خدشہ



تہران، 27 جولائی (یو این آئی) ایران کے ایک تجارتی بحری جہاز پر بحیرۂ کیسپین میں مبینہ یوکرینی حملے نے یوکرین اور مشرقِ وسطیٰ کے جاری تنازعات کے باہمی تعلق اور ممکنہ نئے محاذ کے خدشات کو جنم دے دیا۔ ایران کے مطابق ہفتے کے روز ہونے والے حملے میں ایک ایرانی ملاح جاں بحق جبکہ دوسرا زخمی ہوا، جس کے بعد تہران نے یوکرین کے سفارتی نمائندے کو دفترِ خارجہ طلب کر کے اس کارروائی کو دشمنانہ اور مجرمانہ اقدام قرار دیا۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب ایران پر امریکا کے مسلسل 13 روزہ حملوں کے بعد وقتی وقفہ آیا ہے۔ تجزیہ کاروں کے مطابق بحیرۂ کیسپین جسے طویل عرصے سے ایران کا نسبتاً محفوظ بحری راستہ سمجھا جاتا تھا، اب ممکنہ طور پر ایک نئے محاذ میں تبدیل ہو سکتا ہے۔ ایران پہلے ہی اپنی جنوبی ساحلی پٹی پر دباؤ کا سامنا کر رہا ہے، جہاں امریکہ آبنائے ہرمز کے اطراف بحری ناکہ بندی برقرار رکھے ہوئے ہے، جبکہ یمن کے حوثی باغیوں کی کارروائیاں بحیرۂ احمر میں جہاز رانی کو متاثر کر رہی ہیں، ایسے میں بحیرۂ کیسپین میں بھی خطرات بڑھنے سے ایران کے اہم تجارتی اور تزویراتی بحری راستوں پر مزید دباؤ پڑ سکتا ہے۔ 2022ء میں ایران کی جانب سے روس کو شاہد (Shahed) ڈرون فراہم کیے جانے کے بعد تہران اور کیف کے تعلقات میں شدید کشیدگی پیدا ہوئی۔ یوکرین کا دعویٰ ہے کہ روس نے ایرانی ساختہ ڈرونز کو مزید بہتر بنا کر ہزاروں کی تعداد میں یوکرینی شہروں پر حملوں میں استعمال کیا، جبکہ یوکرینی افواج اب تک 44 ہزار سے زائد ایرانی ڈیزائن کے ڈرون مار گرانے کا دعویٰ کرتی ہیں۔ تجزیہ کاروں کے مطابق بحیرۂ کیسپین میں یہ حملہ ایران کے لیے انتہائی تشویش ناک ہے کیونکہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ تنازع ایک اور بحری محاذ تک پھیل سکتا ہے۔ ایران نے ابھی تک یوکرین کے خلاف کسی ممکنہ جوابی کارروائی کا اعلان نہیں کیا، تاہم ایرانی مبصرین کا کہنا ہے کہ یوکرین ایران کے متعدد میزائل اور ڈرون نظاموں کی زد میں ہے، جس کے باعث تہران کے پاس عسکری ردِعمل کے مختلف آپشنز موجود ہیں۔ رپورٹس کے مطابق قطر، مصر، پاکستان اور دیگر علاقائی ثالثوں نے واشنگٹن اور تہران کو 10 روزہ جنگ بندی کی تجویز پیش کی ہے تاکہ گزشتہ ماہ طے پانے والی مفاہمتی یادداشت (MoU) پر مذاکرات دوبارہ شروع کیے جا سکیں۔ ماہرین کے مطابق بحیرۂ کیسپین میں پیش آنے والا واقعہ ایران پر اقتصادی اور عسکری دباؤ بڑھانے کی ایک کوشش ہو سکتا ہے، اگر ایران کے شمالی بحری راستے بھی غیر محفوظ ہو گئے تو اس سے توانائی کی برآمدات، تجارتی سرگرمیوں اور فوجی رسد کی ترسیل متاثر ہو سکتی ہے، جس سے مستقبل کے مذاکرات میں امریکہ کو نسبتاً زیادہ سفارتی برتری حاصل ہو سکتی ہے۔ دوسری جانب سابق امریکی نائب معاون وزیر دفاع برائے مشرق وسطیٰ مائیکل ملروئے کا کہنا ہے کہ جب تک ایران آبنائے ہرمز پر اپنا اثر و رسوخ برقرار رکھتا ہے، امریکہ کے لیے صورتِ حال آسان نہیں ہو گی۔ انہوں نے کہا ہے کہ فی الحال مذاکرات میں کسی بڑی پیش رفت کے آثار نظر نہیں آ رہے، جبکہ ایران بھی آبنائے ہرمز پر اپنا کنٹرول برقرار رکھنے پر مطمئن دکھائی دیتا ہے۔

# برطانیہ میں غیر ملکی ورکرز کے لیے ویزا قوانین مزید سخت کرنے کی تیاری




لندن، 27 جولائی (یو این آئی) برطانیہ میں غیر ملکی ورکرز کے لیے ویزا قوانین مزید سخت ہونے کا امکان ہے، مڈ-اسکلڈ ملازمتوں کے کوٹے میں بڑی کٹوتی کی سفارش کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق برطانیہ میں غیر ملکی ملازمین کی آمد کو کم کرنے اور مقامی افرادی قوت پر انحصار بڑھانے کے لیے امیگریشن قوانین میں ایک بڑی تبدیلی کی تیاری کی جا رہی ہے۔ برطانیہ کی مائیگریشن ایڈوائزری کمیٹی نے حکومت کو سفارش کی ہے کہ سال 2027 سے غیر ملکی ورکرز کو سپانسر کرنے کے لیے اہل مڈ-اسکلڈ ملازمتوں کی تعداد میں نمایاں کمی کی جائے۔ ایم اے سی کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ میں مستقبل کی 'عارضی قلت کی فہرست' میں فی الحال شامل 52 پیشوں کو کم کر کے صرف 28 پیشے رکھنے کی سفارش کی گئی ہے۔ یاد رہے کہ برطانیہ نے اب عام طور پر اسکلڈ ورکر ویزا روٹ کو صرف گریجویٹ سطح کی ملازمتوں تک محدود کر دیا ہے۔ تاہم، جو پیشے عارضی قلت کی فہرست میں شامل ہوتے ہیں، انہیں RQF لیول 3 سے 5 کے درمیان ہونے کے باوجود ویزا اسپانسر شپ کی خصوصی رعایت حاصل ہوتی ہے۔ نئی مجوزہ فہرست میں ڈیٹا انالیسس، ڈیجیٹل انفراسٹرکچر، انجینئرنگ، مینوفیکچرنگ اور کنسٹرکشن سمیت دیگر تکنیکی شعبوں کے 20 پرانے پیشے برقرار رہیں گے جبکہ 8 نئے پیشے شامل کیے جائیں گے۔ کاروباری سیلز، ہیومن ریسورس، قانونی خدمات، ایڈورٹائزنگ اور مارکیٹنگ کے کئی پیشوں کو فہرست سے نکالنے کی سفارش کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ کریئیٹو سیکٹر سے وابستہ مصنفین، لکھاریوں اور فوٹوگرافرز کے لیے بھی سپانسر شپ ختم ہونے کا امکان ہے۔ کمیٹی نے سفارش کی ہے کہ ان 28 پیشوں پر مشتمل نئی لسٹ کو ابتدائی طور پر یکم جنوری 2027 سے 30 جون 2028 تک یعنی صرف 18 ماہ کے لیے نافذ کیا جائے۔ کمیٹی کا کہنا ہے کہ برطانوی صنعتیں غیر ملکی لیبر پر انحصار کرنے کے بجائے برطانیہ کے اندر ہی مقامی لوگوں کو بھرتی کریں اور انہیں تربیت فراہم کر کے افرادی قوت کی کمی کو پورا کریں۔ اگر برطانوی حکومت ان سفارشات کو تسلیم کر لیتی ہے تو ان کمپنیوں کے لیے شدید مشکلات پیدا ہو سکتی ہیں جو درمیانی مہارت والے کاموں کے لیے غیر ملکیوں پر انحصار کرتی ہیں۔ تاہم، رپورٹ میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ اس تبدیلی کا اثر پہلے سے برطانیہ میں موجود سپانسرڈ ورکرز پر نہیں پڑے گا اور وہ قانون کے مطابق اپنے ویزے کی توسیع اور مستقل رہائش کے لیے اہل رہیں گے۔

## ایران اور امریکہ کے درمیان ثالثوں کے ذریعے پیغامات کا تبادلہ جاری ہے: ایرانی وزارت خارجہ

تہران، 27 جولائی (یو این آئی) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ پاکستان اور قطر سمیت ثالث ممالک ایران اور امریکہ کے درمیان پیغامات کا تبادلہ کر رہے ہیں، تاہم ایران کی اولین ترجیح حملوں کے دوران اپنی خودمختاری کا دفاع کرنا ہے۔ آسٹریا کے نشریاتی ادارے سے گفتگو کرتے ہوئے اسماعیل بقائی نے کہا کہ ایران اور امریکہ کے درمیان ثالثوں کے ذریعے پیغامات کا تبادلہ جاری ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا کہ ایران نے مفاہمتی یادداشت کے تحت 30 دن کے اندر آبنائے ہرمز سے محفوظ گزرگاہ یقینی بنانے کا وعدہ پورا کیا، لیکن اس مدت کے ختم ہونے سے پہلے ہی امریکہ نے مبینہ بحری جہازوں کے واقعات کو جواز بنا کر نئے حملے کر دیے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ایک سال کے دوران یہ تیسری مرتبہ ہے کہ مذاکرات کے دوران حملے کر کے ایران کی سفارتی کوششوں کو دھوکہ دیا گیا۔ ایرانی ترجمان نے مزید دعویٰ کیا کہ مفاہمتی یادداشت کے مطابق امریکہ اب تک ایران کے منجمد اثاثے بھی جاری کرنے میں ناکام رہا ہے۔

# ٹوتھ پیسٹ میں 'مائیکرو پلاسٹک' کی رپورٹ سے بنگلہ دیش میں تشویش، لاکھوں افراد کی صحت کو خطرہ لاحق!

ٹوتھ پیسٹ کی کوالیٹی کو لے کر تمام برانڈز بڑے بڑے دعوے کرتے ہیں۔ ہم میں سے کئی لوگ اکثر ان دعووں پر بھروسہ کرتے ہیں اور ان ٹوتھ پیسٹ کو خریدتے ہیں۔ اس دوران بنگلہ دیش میں فروخت ہونے والے ٹوتھ پیسٹ کی کوالیٹی کو لے کر ایک رپورٹ سامنے آئی ہے، جس نے شدید تشویش پیدا کر دی ہے۔ انوائرمنٹ اینڈ سوشل ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن (ای ایس ڈی او) کی جانب سے کی گئی ایک تحقیق میں ٹوتھ پیسٹ میں 'مائیکرو پلاسٹک' پائے گئے ہیں، جس سے لاکھوں لوگوں کی صحت پر اثر پڑ سکتا ہے۔ ای ایس ڈی او کی رپورٹ کے مطابق بنگلہ دیش میں فروخت ہونے والے 34 ٹوتھ پیسٹ کے نمونوں میں سے 26 میں مائیکرو پلاسٹک یعنی پلاسٹک کے انتہائی باریک ذرات پائے گئے ہیں۔ یہ اعداد و شمار کل نمونوں کا 76.5 فیصد ہے، جس سے لوگوں کی صحت اور ماحول کے لیے ممکنہ خطرات کے حوالے سے تشویش بڑھ گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق 34 ٹوتھ پیسٹ کے نمونوں میں سے 26 میں مائیکرو پلاسٹک پائے گئے۔ یہ تعداد کل نمونوں کا 76.5 فیصد ہے۔ ای ایس ڈی او نے یہ تحقیق جولائی 2025 سے جون 2026 کے درمیان کی تھی۔ اس میں بنگلہ دیش، ہندوستان، تھائی لینڈ اور ویتنام میں تیار کیے جانے والے 19 بڑے برانڈز کے 34 نمونے شامل تھے۔ یہ نمونے ریٹیل دکانوں، سپر مارکیٹس اور ہول سیل بازاروں سے جمع کیے گئے تھے اور ان کی جانچ جہانگیر نگر یونیورسٹی کی 'لیبارٹری آف انوائرمنٹل ہیلتھ اینڈ ایکوٹوکسیکولوجی' میں کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق ٹوتھ پیسٹ میں مائیکرو پلاسٹک کی مقدار 20 سے 320 ذرات فی 100 گرام تک پائی گئی۔ ای ایس ڈی او کے محققین کا کہنا ہے کہ ٹوتھ پیسٹ میں مائیکرو پلاسٹک بالکل نہیں ہونا چاہیے۔ جبکہ مقامی اور غیر ملکی برانڈز سمیت بچوں کے ٹوتھ پیسٹ بھی اس کی زد میں آئے ہیں۔ مقامی طور پر تیار کردہ 25 مصنوعات میں سے 22 میں مائیکرو پلاسٹک پایا گیا۔ بنگلہ دیش کے علاوہ دیگر ممالک کی بات کریں تو ہندوستان کے 5 میں سے ایک، تھائی لینڈ کے 2 میں سے ایک اور ویتنام کے دونوں نمونوں میں بھی مائیکرو پلاسٹک ہونے کی بات سامنے آئی ہے۔ یہی نہیں بلکہ تحقیق میں شامل بچوں کے 6 ٹوتھ پیسٹ میں سے 4 میں بھی مائیکرو پلاسٹک ملا ہے۔ بچوں کے لیے بنائے گئے کوڈومو الٹرا شیلڈ فارمولا اسٹرابیری، میرل بیبی اسٹرابیری، میرل بیبی اورنج اور پیپسوڈنٹ کڈز اورنج میں مائیکرو پلاسٹک پایا گیا ہے۔ ای ایس ڈی او کے محققین کا کہنا ہے کہ ٹوتھ پیسٹ میں کسی بھی قسم کا مائیکرو پلاسٹک نہیں ہونا چاہیے۔ رپورٹ میں محققین نے بتایا کہ ان ٹوتھ پیسٹ میں فی 100 گرام کے اندر 20 سے لے کر 320 تک مائیکرو پلاسٹک کے ذرات موجود تھے۔ جانچ میں 'میڈی پلس فلورائیڈ جیل' میں سب سے زیادہ 320 مائیکرو پلاسٹک کے ذرات فی 100 گرام پائے گئے۔ وہیں 'کلوز اپ ریڈ ہاٹ' اور 'کلوز اپ مینتھول فریش' میں 160-160 ذرات ملے۔ کوڈومو الٹرا شیلڈ فارمولا میں 140، سگنل گرین ٹی میں 120، جبکہ پیپسوڈنٹ ایڈوانس سالٹ اور ہیمالیا کمپلیٹ کیئر میں 100-100 ذرات پائے گئے۔ سینسوڈائن فریش منٹ میں 80 ذرات ملے۔ حالانکہ جانچ کیے گئے 8 نمونوں میں مائیکرو پلاسٹک نہیں ملا۔ ان میں جین فریش، پیرا شوٹ جسٹ فار بیبی مینگو اور کلوز اپ ریڈ ہاٹ زنک فریش ٹیکنالوجی جیسی مصنوعات شامل ہیں۔ شواہد سے پتا چلتا ہے کہ مائیکرو پلاسٹک نظام تنفس، نظام ہاضمہ، مدافعتی نظام، دل اور اعصابی نظام کو متاثر کر سکتے ہیں، جس سے ممکنہ طور پر سوجن، اعضاء کو نقصان، ہارمونز کا عدم توازن، افزائش نسل کی صلاحیت میں کمی اور جنین کے ارتقاء پر اثر پڑ سکتا ہے۔

# فلپائن کے دارالحکومت میں مارکوس کے خطاب سے قبل بم دھماکہ




منیلا، 27 جولائی (یو این آئی) حکام نے بتایا ہے کہ پیر کی علی الصبح فلپائن کے محکمہ انصاف کے داخلی دروازے کے قریب ایک خود ساختہ بم پھٹا، یہ واقعہ اس سے چند گھنٹے پہلے پیش آیا جب ملک کے سینیٹ کے قریب ایک مشتبہ ناکارہ آلے کا تعین ہوا۔ اس دھماکے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، اور دوسرے مشتبہ بم کا تعین اسی دن صدر فرڈینینڈ مارکوس جونیئر کی سالانہ "اسٹیٹ آف دی نیشن" تقریر سے چند گھنٹے قبل ہوا۔ قومی پولیس کے سربراہ جوزے میلینسیو نارٹاٹیز جونیئر نے پیر کو صحافیوں سے کہا کہ اس بات کا بڑا اندیشہ یا احتمال ہے کہ دونوں واقعات مربوط ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ پولیس کے پاس بم دھمکیوں، حقیقی بم دھماکوں اور دیگر کے خلاف ہنگامی منصوبے موجود تھے، تاہم کچھ چیز ہمارے قابو سے باہر ہو گئیں۔ صبح سویرے ہونے والا دھماکے کی تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔ منیلا پولیس کے ترجمان فلپ انیس نے کہا، ہم ابھی تفتیش کر رہے ہیں، اس لیے ہم یہ بتا نہیں سکتے کہ دھماکہ وسیع پیمانے کا یا محدود سطح کا تھا۔ فلپائنی میڈیا پر شائع تصاویر میں دھماکے سے گاڑی کی ونڈ شیلڈ پر دراڑیں پڑنے اور وہاں معمولی سا ملبہ بکھرنے کا مشاہدہ ہوا ہے۔ پولیس نے ایک رپورٹ میں کہا کہ سینیٹ کے قریب پائی گئی ڈیوائس کو عمارت سے ملحقہ سڑک پر صبح تقریباً 8:30 بجے ایک ٹرک ڈرائیور نے دیکھا اور سیکیورٹی عملے کو اطلاع دی۔ متعلقہ تربیت یافتہ ٹیم نے موقع سے سامان نکالا جس میں بلاسٹنگ کیپ، ایک گھڑی اور ٹیسٹ کے لیے ایک جار میں بھورا پاؤڈر ※ شامل تھا۔ علاقائی پولیس ترجمان ہیزل آسیلو نے اس بات کا اندازہ لگانے سے گریز کیا کہ یہ ڈیوائس کتنے بڑے دھماکے کا سبب بن سکتی تھی۔ مارکوس کی پیر کو تقریر ایک ایسے وقت میں ہو رہی ہے جب سیاسی تناؤ بڑھا ہوا ہے، نائب صدر سارا ڈوٹرٹے مواخذے کے مقدمے سے دو چار ہیں، اور رائے دہندگان جعلی سیلاب کنٹرول منصوبوں سے جڑے بدعنوانی کے اسکینڈل سے بھی متاثر ہوئے ہیں۔

# وینزویلا میں زلزلے کے باعث 2 فیٹ کھسکی زمین،

## اسرو-ناسا کے سیٹلائٹ ڈیٹا سے ہوا انکشاف

وینزویلا میں گزشتہ ماہ آئے 2 طاقتور زلزلوں کے حوالے سے اسرو اور ناسا کے مشترکہ مشن 'نسار' سیٹلائٹ نے اہم انکشاف کیا ہے۔ سیٹلائٹ ڈیٹا کے تجزیے سے پتہ چلا ہے کہ اس شدید زلزلے کے باعث کئی مقامات پر زمین تقریباً 60 سینٹی میٹر یعنی 2 فیٹ تک کھسک گئی، جس کی وجہ سے راجدھانی کاراکاس اور لاگوئرا میں شدید تباہی مچی۔ سائنسدانوں نے 24 جون کو آئے زلزلے سے قبل اور بعد میں نسار سیٹلائٹ سے لی گئی زمین کی تصاویر کا مطالعہ کیا۔ اس کے لیے 13 اور 18 جون کی تصاویر کا موازنہ 25 اور 30 جون کو لیے گئے ڈیٹا سے کیا گیا تاکہ زلزلے کے بعد زمین کی سطح میں ہوئی تبدیلیوں کا پتہ لگایا جا سکے۔ واضح رہے کہ 24 جون کو شمالی وینزویلا میں 7.2 شدت کا زلزلہ آیا تھا۔ اس کے 39 سیکنڈ بعد 5.7 شدت کا ایک اور طاقتور زلزلہ آیا۔ ان زلزلوں میں 5000 سے زائد افراد کی موت اور تقریباً 16700 افراد کے زخمی ہونے کی اطلاع سامنے آئی تھی۔ کاراکاس اور لاگوئرا کے علاوہ تروجیلو، یاراکوئے، کارابوبو، اراگوا اور مرانڈا ریاستیں بھی متاثر ہوئی تھیں۔ سائنسدانوں نے زمین کی سطح میں ہونے والی معمولی تبدیلیوں کا پتہ لگانے کے لیے 'انٹرفیرومیٹرک سنتھیٹک اپرچر ریڈار' (انسار) تکنیک کا استعمال کیا۔ اس میں سیٹلائٹ کے بار بار گزرنے کے دوران جمع کیے گئے ڈیٹا کا موازنہ کر کے سیٹلائٹ اور زمین کے درمیانی فاصلے میں آنے والی تبدیلیوں کا پتہ لگایا جاتا ہے۔ یہ پہلی بار تھا جب کسی بڑے زلزلے کے باعث زمین کی سطح میں ہوئی تبدیلی کو میپ کرنے کے لیے نسار کے 'ارجنٹ رسپانس سسٹم' کا استعمال کیا گیا۔ ناسا کی جیٹ پروپلشن لیبارٹری کے ماہر ارضی طبیعیات ایرک فیلڈنگ کے مطابق زلزلے کی فالٹ لائن سمندر سے ہوتی ہوئی مشرق کی جانب بڑھی اور کاراکاس کے شمال میں واقع انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے قریب دوبارہ ساحل پر آئی۔ اس حصے کے بالکل جنوب میں زمین کا کھسکاؤ سب سے زیادہ تقریباً 60 سینٹی میٹر (2 فیٹ) رہا۔

# اسرائیل نے غزہ کی طرح جنوبی لبنان کو تقسیم کرنا شروع کر دیا



بیروت، 27 جولائی (یو این آئی) اسرائیل نے جنوبی لبنان کے علاقے کو مختلف حصوں میں نئی تقسیم شروع کر دی ہے۔ صیہونی فوج نے جنوبی لبنان میں مغربی کنارے طرز کی چیک پوسٹیں اور غزہ طرز جیسی یلو لائن کے نام سے ایک محدود رسائی والا علاقہ بھی بنا دیا ہے۔ ان چیک پوسٹوں اور فوجی حدود کے قیام سے اسرائیل جنوبی لبنان کو مرحلہ وار مختلف حصوں میں بانٹ رہا ہے۔ الجزیرہ نے ایک رپورٹ میں کہا ہے کہ لبنانی فوج نے اتوار کو جاری کیے گئے ایک بیان میں کہا کہ اسرائیلی فوج مسلسل گولہ باری اور علاقے کو صاف کرنے کی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے، جس کے باعث طے شدہ معاہدے کے مطابق لبنانی فوج دیہات کا مکمل کنٹرول سنبھالنے سے قاصر ہے۔ لبنانی فوج کا کہنا ہے کہ وہ جنوبی لبنان میں سیکیورٹی کنٹرول سنبھالنے کی کوششیں کر رہی ہے لیکن اسرائیل اس میں رکاوٹیں ڈال رہا ہے۔ لبنانی فوج نے منگل کے روز 3 پائلٹ زون دیہات میں سے پہلے دیہات میں اپنے دستے تعینات کیے تھے۔ سیکیورٹی کی ذمہ داری سنبھالنے کا یہ اقدام گزشتہ ماہ امریکہ کی حمایت سے طے پانے والے اس معاہدے کے بعد کیا گیا، جس کے تحت اسرائیلی فوج کو جنوبی لبنان سے مرحلہ وار انخلا کرنا ہے۔ لبنانی فوج نے اپنے بیان میں کہا "اسرائیلی حملوں کا تسلسل فوج کی مکمل تعیناتی میں رکاوٹ بن رہا ہے اور دیہات و قصبوں کے رہائشیوں کی اپنے گھروں کو واپسی بھی روک رہا ہے۔" اسرائیلی انخلا کے پہلے مرحلے کے لیے تین دیہات یا پائلٹ زونز منتخب کیے گئے تھے، جن میں زوطر الغربیہ، فرون اور صریفہ شامل ہیں۔ تاہم، اسرائیل کی جانب سے انخلا کے واضح شیڈول نہ ہونے پر خدشات بدستور برقرار ہیں۔ لبنانی فوج نے بتایا کہ شہریوں کی اپنے گھروں کو واپسی کے باوجود زوطر الغربیہ کے مغربی حصوں طلبنین اور مطبیہ الفوقا میں اسرائیلی فوج کی فائرنگ جاری رہی۔ بیان کے مطابق اسرائیلی فوج مطبیہ، حدہ، کونین، بنت جبیل، نبی ابل الساقی، خیام، المنصوری، بیت السیاد اور صور کے علاقے مجدل زون میں بلڈوزروں کے ذریعے مسماری، گولہ باری اور مشین گنوں کے ساتھ تلاشی کی کارروائیاں کر رہی ہے۔

# صدر ٹرمپ نے ایران کے خلاف جنگ میں امریکی اسلحہ ختم ہونے کی خبروں کو مسترد کر دیا

واشنگٹن، 27 جولائی (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے خلاف جنگ کے دوران امریکہ کے اسلحے اور گولہ بارود کی قلت سے متعلق خبروں کو مسترد کر دیا۔ امریکی صدر ٹرمپ نے اخبار وال اسٹریٹ جرنل سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے پاس دنیا میں کسی بھی ملک سے کہیں زیادہ اسلحہ موجود ہے، بلکہ ہماری ضرورت سے بھی کہیں زیادہ ہے۔ اس سے قبل وال اسٹریٹ جرنل نے رپورٹ کیا تھا کہ جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے چیئرمین جنرل ڈین کین نے وائٹ ہاؤس کو فضائی دفاع میں استعمال ہونے والے انٹرسیپٹر میزائلوں کے ذخائر میں کمی سے آگاہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق امریکہ کے جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے چیئرمین جنرل ڈین کین نے خبردار کیا تھا کہ ایران کے خلاف بڑے پیمانے پر فوجی کارروائیاں دوبارہ شروع کرنا ممکن ہے، لیکن اس سے امریکی فوج کے پاس موجود میزائلوں کے ذخائر خطرناک حد تک کم ہو جائیں گے۔ ایک سینیئر عہدیدار نے نام ظاہر کیے بغیر کہا کہ ایران پر حملوں کا نتیجہ توقعات کے برعکس نکلا ہے، امریکی حملے ایران کو اندر سے متحد ہونے اور ایرانی رہنماؤں کو بیرونی خطرات پر توجہ مرکوز رکھنے کا موقع دے رہے ہیں۔

# صدر ٹرمپ کو ایک اور سبکی کا سامنا، جن صحافیوں پر مقدمے کیے انہی کو ایوارڈ دینا پڑا

واشنگٹن، 27 جولائی (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو ایک اور سبکی کا سامنا کرنا پڑا ہے، جب ان کی موجودگی میں اُن صحافیوں کو ایوارڈ دیا گیا جن پر ان کی انتظامیہ نے مقدمے کیے۔ وائٹ ہاؤس میں، کیتھرین گراہم ایوارڈ کے اعلان کے وقت امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اُس وقت اچانک مشکل میں پھنس گئے جب اُن ہی صحافیوں کو ایوارڈ کے لیے بلایا گیا جن کے خلاف 10 ارب ڈالر کے ہتکِ عزت کے مقدمے کیے گئے۔ سالانہ عشائیے کی تقریب میں وال اسٹریٹ جرنل کی تحقیقاتی ٹیم کو "کیتھرین گراہم ایوارڈ برائے جرات اور احتساب" دیا گیا۔ یہ ایوارڈ ان صحافیوں کو دیا گیا جو جیفری ایپسٹین کے نام ڈونلڈ ٹرمپ کا مبینہ خط منظرِ عام پر لائے تھے۔ اس خط کے بعد ایپسٹین اسکینڈل نے دنیا میں تہلکہ مچا دیا، بڑے بڑے نام زد میں آئے۔ تقریب کے میزبان وولف بلٹزر نے ایوارڈ پیش کرتے ہوئے یاد دلایا کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے ایپسٹین اسکینڈل کی اشاعت سے پہلے اخبار کے مالک روپرٹ مرڈوک سے رابطہ کر کے رپورٹ رکوانے کی کوشش کی، مگر اخبار پیچھے نہ ہٹا۔ بلٹزر نے یہ بھی بتایا کہ مقدمے کے دوران رپورٹر خدیجہ صفدر اور ان کے خاندان کو اپنا گھر چھوڑ کر منتقل ہونا پڑا۔ واضح رہے کہ جیفری ایپسٹین کے نام ڈونلڈ ٹرمپ کا مبینہ خط منظرِ عام پر لانے والے وال اسٹریٹ جرنل کے 8 صحافیوں کو "کیتھرین گراہم ایوارڈ فار کریج اینڈ اکاؤنٹیبلٹی" سے نوازا گیا ہے، اور اس تقریب کے دوران صدر ٹرمپ کبھی کندھے اچکاتے تو کبھی مسکراتے رہے۔

# کوّا بنا استاد



چچا جان کو اچھوتی اور انوکھی کہانیاں کہنے کا بڑا ڈھنگ ہے اسی لئے جب وہ دہلی سے آتے ہیں بچے ان کے آگے پیچھے لگے رہتے ہیں۔ وہ بھی بچوں کا مطلب خوب سمجھتے ہیں، آج عشاء کے بعد عدی اور اُسید نے کہا ''چچا آج ہم آپ سے ایک ایسی کہانی سننا چاہتے ہیں جو سچی بھی ہو اور مزیدار بھی، اور جانوروں کی ہو'' ندا نے لقمہ دیا۔

چچا جان بچوں کی بات سن کر مسکرائے اور بولے کہانی میں ضرور سناؤں گا مگر پہلے ایک سوال کا جواب دو۔ آج صبح میں کتنے لوگوں نے تلاوت کی ہے؟

''ہم نے ہم نے'' تمام بچے ایک ساتھ بول پڑے۔ اب یہ بتائیے کن سورتوں کی؟ ''چچا ہم نے عم پارہ پڑھا'' اُسید بولا۔ ''میں نے سورہ رحمن پڑھی ہے'' عدی بولا ''اور میں نے سورہ مائدہ کی تلاوت کی'' فاطمہ بولی۔ ماشاء اللہ، ماشاء اللہ ہمارے گھر کے سب بچے تلاوت کرتے ہیں، مگر فاطمہ یہ تو بتاؤ آج تم نے سورہ مائدہ کی تلاوت کی ہے تو پھر کوّا استاد کی کہانی تو تم کو معلوم ہی ہوگئی ہوگی۔ ''نہیں میں نے تو صرف تلاوت کی ہے، ترجمہ نہیں پڑھا ہے''۔

میں نے پچھلے سفر میں تم لوگوں سے کہا تھا کہ قرآن ترجمہ کے ساتھ پڑھا کرو تا کہ اس کی تعلیمات سے بھی تم کو آگاہی ہو، مگر بغیر سمجھے بوجھے قرآن پڑھنا تمہاری عادت بن گئی ہے''۔

''چچا آپ پلیز کہانی سنایئے۔ آئندہ ہم لوگ ان شاء اللہ قرآن ترجمہ کے ساتھ پڑھنے کی کوشش کریں گے'' عدی، اسید ایک ساتھ بول پڑے۔

''ٹھیک ہے اگر تم وعدہ کرتے ہو تو میں تم کو کوّا استاذ کی کہانی سناتا ہوں، یہ کہانی قرآن کی سورۃ المائدہ میں ہے۔ کہانی آدم علیہ السلام کے دو بیٹوں کی ہے، ویسے تو ہم سب حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے ہیں مگر یہ دونوں حضرت آدم علیہ السلام کے حقیقی بیٹے تھے کتابوں میں ان کا نام ہابیل اور قابیل لکھا ہے۔ ان دونوں نے اللہ کے حضور نیاز پیش کی۔ لو نیاز کسے کہتے ہیں؟ عفیفہ سوال کر بیٹھی۔

شاباش بیٹا جو بات سمجھ میں نہ آئے اس کے بارے میں پوچھ لینا چاہئے۔ نیاز کہتے ہیں اس صدقے یا چڑھاوے کو جو انسان اپنی کسی ضرورت کو اللہ کے حضور پیش کرنے کے لئے دیتا ہے۔ تو آدم علیہ السلام کے دونوں بیٹوں نے اللہ کے سامنے ایک صدقہ پیش کیا۔ ہابیل کی نیاز اللہ نے قبول کرلی، قابیل کی قبول نہ ہوئی۔ بس اس بات پر قابیل اپنے بھائی ہابیل کا دشمن ہوگیا اور اپنے بھائی سے کہنے لگا ''میں تجھ کو ضرور قتل کروں گا''۔ ہابیل کہنے لگا ''اللہ پرہیزگاروں کے اعمال ہی کو قبول کرتا ہے۔ اگر تو مجھے قتل کرنے کے لئے ہاتھ آگے بڑھائے گا تو بھی میں تجھ کو قتل کرنے کے لئے ہاتھ نہ چلاؤں گا۔ مجھے اللہ تمام جہانوں کے رب سے ڈر لگتا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ تو میرے گناہ میں بھی پکڑا جائے اور اپنے گناہ میں بھی۔ پس دوزخیوں میں شامل ہو، ظلم کرنے والوں کی ایسی ہی سزا ہوتی ہے۔

قابیل کے نفس نے اس برائی کو اس کے لئے آسان کردیا اور اس نے اپنے بھائی ہابیل کو قتل کردیا۔ قابیل نے ہابیل کو قتل تو کردیا مگر اس کی سمجھ میں نہ آتا تھا کہ بھائی کی لاش کو کیا کرے۔ یکایک ایک کوا آیا اور زمین کریدنے لگا۔ بعض روایتوں میں ہے کہ کوے نے زمین کھود کر دوسرے مردہ کوے کو دفن کردیا۔ اس طرح قابیل نے مردہ دفن کرنے کا طریقہ سیکھا۔ اب قابیل کو پچھتاوا ہونے لگا کہ میں کیسا کم علم اور کم عقل ہوں کہ ایک کوے نے مجھے بھائی کی لاش دفن کرنے کا طریقہ سکھایا۔ بھائی کے قتل کا گناہ تو وہ پہلے ہی کرچکا تھا۔ اب ایک معمولی کوے نے اسے دفن کرنے کا طریقہ سکھایا تو وہ اپنی نگاہ میں بھی حقیر اور پست ہوگیا۔

بچے شاید کچھ اور سننا چاہتے تھے مگر چچا نے کہانی ختم کردی تھی۔

اُسید نے کہا اس کا مطلب یہ ہے کہ آدمی نے مردے کی تدفین کا طریقہ کوے سے سیکھا ہے اس لئے اس کو کوّا استاذ بھی کہہ سکتے ہیں۔

بالکل یہی تو اس کہانی میں بتایا گیا ہے۔

''ابو قابیل نے بے چارے ہابیل کو ناحق قتل کردیا تو اسے کوئی سزا نہ ملی'' عفیفہ بولی۔

کیوں نہیں، پیارے نبیؐ نے فرمایا ''دنیا میں جو بھی ناحق قتل ہوتا ہے تو اس کا گناہ قابیل کی گردن پر ضرور جاتا ہے، اس لئے کہ وہ پہلا آدمی ہے جس نے ناحق قتل کی شروعات کی تھی۔

تمام بچے ایک ساتھ نعرہ لگاتے ہوئے کھڑے ہوگئے ''کوے استاذ زندہ باد''

☆☆☆

## بہت سے بچوں کا گھر

**احمد ندیم قاسمی**

ابا تو چلے گئے ہیں دفتر
امی کو بخار آرہا ہے

گھر کا سودا خریدنے کو
شیدا بازار جارہا ہے

چپکے چپکے اک ایک بچہ
بستر سے نکلتا آرہا ہے

کلثوم بنی ہوئی ہے گھوڑا
سوفے پہ جو کودے جارہا ہے

ابرار کے ہاتھ میں ہے قینچی
پردوں کو کترتا جارہا ہے

نعمان کے پاس ہے جو چاقو
کشنوں میں اترتا جارہا ہے

گھر کا ایلبم ہے نور کے پاس
ہر فوٹو کو پھاڑے جارہا ہے

تصویر جو نانی کی ہے اس میں
داڑھی مونچھیں بنا رہا ہے

گلدان کو توڑ کر مجاہد
ٹکڑوں سے محل بنارہا ہے


تنویر نے کھولا یوں فریج کو
جو کچھ ہے وہ بہتا جارہا ہے

ننھا اقبال لیٹے لیٹے
ندی نالے بہا رہا ہے

سنتے ہیں کہ دو دنوں میں ان کا
ایک اور بھی بھائی آرہا ہے

☆☆☆

# رحم دِل بادشاہ



کسی ملک پر ایک بادشاہ کی حکومت تھی اسکا نام رحم خان تھا۔ یہ بادشاہ اپنے نام کی طرح رحمدل تھا، ہمیشہ رعایا کی بہبود کے بارے میں سوچتا اور اچھے اچھے کام کیا کرتا تھا۔ رعایا کی خاطر رحم خان نے تالاب بنوائے، مدارس اور دواخانے قائم کئے، زراعت کو فروغ دیا۔ ملک میں ترقی تھی، رعایا خوشحال تھی ہر جگہ سکون تھا، رحم خان کی مقرر کردہ قیمتوں پر غذائی اجناس فروخت کئے جاتے تھے۔ بادشاہ عوام سے اور عوام بادشاہ سے خوش تھے۔ اس ملک کے پڑوس میں ایک اور بادشاہ کی حکمرانی تھی۔ اس بادشاہ کا نام طرہ خاں تھا۔ وہ ظالم اور جنگجو تھا۔ عوام پر ظلم کرتا تھا کمزور ممالک پر حملہ کرنا اور وہاں کی دولت کو لوٹ کر اپنے ملک میں لے نا اس کا مشغلہ بن گیا تھا۔ اسکے ظلم سے عوام پریشان تھے مگر اس کے باوجود وہ کچھ بھی نہیں کرسکتے ہیں۔ ایک دن طرہ خاں نے پڑوسی ملک پر حملہ کردیا۔ اس حملہ سے رحم خاں کی فوج پریشان ہوگئی کیونکہ وہ جنگ کیلئے تیار نہیں تھی۔ طرہ خاں کے پاس بھاری لاؤ لشکر تھا جبکہ رحم خان کے پاس تھوڑی فوج تھی۔ رحم خان کی فوج میں مقابلہ کی ہمت نہیں تھی۔ طرہ خاں سے مشکل حالات میں دیکھ کر دیگر ممالک نے اپنی فوجیں، رحم خاں کی مدد کیلئے روانہ کردی، گھمسان کی جنگ شروع ہوئی جس میں طرہ خاں بمشکل جیت پایا اور رحم خاں کے ملک میں تباہی مچادی اور یہاں کی دولت کو لوٹ کر واپس آگیا اور رحم خان کے ملک کو اپنے ملک میں شامل کرلیا اور رحم خاں کو دوسرے ملک کو روانہ کردیا۔ طرہ خاں کے ملک کے عوام، رحم خاں کے ملک میں آکر رہنے لگے اور دیکھا کہ یہ ملک ترقی یافتہ ہے ہر جگہ سکون ہے وہ سوچنے لگے کہ آخر کیا بات ہے کہ عوام رحم خاں کی تائید میں کیوں اٹھ کھڑے نہیں ہوئے۔ طرہ خاں کی فوج یہاں بھی ظلم کرنے لگے تو ہجرت کرکے یہاں آنے والے عوام نے رحم خاں کے ملک کے عوام سے کہا کہ تم لوگ بہت ناشکر گذار ہو حالانکہ آپ کی خاطر آپ کے سابق بادشاہ نے بہت کچھ کیا اور آپ لوگوں کی بہبود کیلئے بہت ہی کام کیا اس کے باوجود تم لوگوں نے اپنے بادشاہ رحم خاں کی تائید میں نہیں اٹھ کھڑے ہوئے ہیں۔ اب آپ لوگوں پر طرہ خاں مسلط ہوگیا ہے اور اپنی ناشکری کی سزا بھگتیں۔ یہاں کے عوام کو بہت افسوس ہوا کہ ہم نے اپنے صالح بادشاہ رحم خان کی تائید نہیں کی جس کی سزا کے طور پر اللہ نے ہم پر طرہ خاں کو مسلط کردیا وہ، اللہ سے دعا کرنے لگے کہ خدارا رحم خاں کو دوبارہ ملک بھیج دے۔ طرہ خاں نے ایک دن سوچا کہ میں نے رحم خاں کو ملک بدر کر کے اچھا نہیں کیا کیونکہ اس نے یہاں بہت سارے اچھے کام کئے ہیں جبکہ میں نے عوام پر ظلم کیا ہے۔ اس نے رحم خاں کو دوبارہ طلب کیا اور اس کو اپنی سابقہ حکومت واپس کردی اور اپنے ملک واپس چلا گیا۔ اب لوگ خوش تھے۔ رحم خاں دوبارہ ملک پر حکومت کرتے ہوئے عوام کی بہبود کیلئے کام کرنے لگا۔

# نیولا۔ سانپ کا ازلی دشمن



بچو! آپ نے نیولے اور سانپ کی لڑائی کے بارے میں پڑھا، سنا اور دیکھا بھی ہوگا۔ کہا جاتا ہیکہ جہاں نیولا ہوتا ہے وہاں سانپ نہیں رہتا کیونکہ نیولا، سانپ کا ازلی دشمن ہے۔ نیولے کو انگریزی میں مونگوس کہتے ہیں یہ ایک چھوٹا جانور ہے جو بلیوں کی طرح دکھائی دیتا ہے یہ اکثر گرم علاقوں میں پایا جاتا ہے۔ دودھ دینے والے جانوروں کے خاندان میں شامل نیولا گرم علاقوں جیسے جنوبی افریقہ، جنوبی ایشیاء، ساوتھ یوروپ کے علاوہ دیگر ممالک میں بھی پایا جاتا ہے۔ نیولا کی جسامت کم وبیش 24 تا 58 سنٹی میٹر لمبی ہوتی ہے۔ اس میں اس کی دم شامل نہیں ہے۔ اس کا وزن عموماً 320 گرام ہوتا ہے جبکہ سفید دُم والا نیولے کا وزن 5 کیلو کے قریب ہوتا ہے۔ نیولے، گروپ کی شکل میں غذا کی تلاش میں نکلتے ہیں اور بانٹ کر غذا کھاتے ہیں۔ زمین میں بڑے سوراخوں، درختوں کے اوپر یا کھلے تنوں میں یہ نیولے رہتے ہیں، اس کا منہ اور جسم لمبا ہوتا ہے۔ چھوٹی اور گول آنکھیں ہوتی ہیں۔ پیر چھوٹے اور دُم بڑی ہوتی ہے جو لہرے دار اور گھنی ہوتی ہے اس کے سامنے کے پنجے، کھودنے میں مددگار ہوتے ہیں۔ اس کے منہ کے اوپری جبڑے میں 14 اور نچلے جبڑے میں 14 جملے 28 دانت ہوتے ہیں۔ نیولے پر سانپ کے زہر کا اثر نہیں ہوتا یہی وہ ہیکہ سانپ ڈسنے کے باوجود نیولا اس کے ساتھ لڑتا رہتا ہے۔ مرتا نہیں۔ اس کے جسم میں ایسے خامرے پائے جاتے ہیں جو سانپ کے زہر کو نیولے کے جسم میں داخل ہونے کے بعد اسے بے اثر کردیتے ہیں۔ یہ دن کے اوقات میں بہت زیادہ متحرک رہتے ہیں۔ کیڑے مکوڑے، کیچوے، پرندے، چھپکلیاں اور دیگر چھوٹے جانور اس کی غذا ہیں۔ نیولا، ناگ سانپ پر تیزی کے ساتھ حملہ کرتا ہے مگر دیگر سانپوں جیسے (viper) پر حملہ کرنے اور اسے ختم کرنے میں اسے دقت پیش آتی ہے۔ ملاپ کیلئے نیولے ایک مخصوص قسم کی آواز نکالتے ہیں جس کو سن کر مادہ نر کے قریب آجاتی ہے۔ انڈین مونگوس بھورے رنگ کا ہوتا ہے۔ بانڈڈ مونگوس کے جسم پر آڑی سفید سیاہ لکیریں ہوتی ہے۔ سیاہ اور زرد مونگوس بھی پائے جاتے ہیں جبکہ کامن ڈراف مونگوس کا منہ اور گلے کا نچلا حصہ سرخ ہوتا ہے۔ چند ممالک میں مونگوس کو گھروں میں پالا جاتا ہے۔ ہندوؤں میں چند طبقات، مونگوس کے دکھائی دینے کو خوش قسمتی سے تعبیر کرتے ہیں۔ انڈین گرے مونگوس کا وزن عموماً 7.1 کیلو ہوتا ہے اس کی دُم کی لمبائی 45 سنٹی میٹر ہوتی ہے۔ نر، مادہ سے کسی قدر بڑا ہوتا ہے۔ ان کی سونگھنے کی صلاحیت بہت تیزی ہوتی ہے۔ اس حس سے وہ غذا تلاش کرتے ہیں۔ نیولا اور سانپ کی لڑائی دلچسپ ہوتی ہے۔ نیولے کو سانپ کو مارنے تک قرار نہیں آتا۔ سانپ جب بھاگتا ہے تو مونگوس اس کا تعاقب کرتے ہوئے اسے ہلاک کردیتا ہے۔

# جلدبازی کا انجام

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ کسی گاؤں میں ایک چوہدری رہتا تھا۔ اس کے ساتھ حویلی میں ایک ملازم خاص (میراثی) بھی رہائش پذیر تھا۔ مالک اور نوکر ایک ایسی ست الوجود قوم سے تعلق رکھتے تھے جو ٹھہرے ہوئے، پرسکون مزاج کی مالک تھی اور آج کا کام کل پر چھوڑنے کی عادی تھی۔

ایک دن چوہدری پکوڑے کھانے کے بعد اخبار سے بنے لفافے کے مطالعہ میں مصروف تھا کہ اس نے خبر پڑھی کہ محکمہ زراعت نے جدید پیوندکاری کے ذریعے گندم کا ایسا بیج ایجاد کیا ہے جو دگنی فصل دیتا ہے۔ چوہدری نے ملازمین کو اکٹھا کر کے نئے بیج کے متعلق صلاح مشورہ شروع کیا۔ صلاح مشورے کی مختلف نشستیں جاری رہیں اور آخر ایک سال بعد گندم کا بیج مذکورہ بونے کا فیصلہ ہوگیا۔

فصل بونے کا موسم قریب آیا تو چوہدری نے ملازم خاص کو بیج لانے کے لیے شہر بھیجا۔ میراثی لاری پر طویل سفر طے کر کے شہر پہنچا تو تھکاوٹ سے چور تھا۔ وہ شہر میں اپنے ایک عزیز کے گھر گیا تا کہ چند دن آرام کر کے سفر کی تھکاوٹ دور کرے اور بیج خرید کر واپسی کا قصد کرے۔ میراثی کو شہر میں مختلف عزیزوں اور دوستوں کے ہاں آرام کرتے اور ''بتیاں شتیاں'' دیکھتے ایک سال کا عرصہ گزر گیا۔

آخر جب دوبارہ فصل کاشت کرنے کا موسم آیا تو چوہدری کو میراثی کی یاد آئی۔ اس نے ایک اور نوکر کو شہر بھیجا تا کہ میراثی کو ڈھونڈ کر لائے۔ دراصل چوہدری کو روایت سے ہٹ کر فصل بونے کی جلدی پڑ گئی تھی (جیسے کچھ لوگوں کو بجلی چوروں کے خلاف کارروائی کرنے کی جلدی ہوتی ہے)۔

نوکر نے بڑی مشکل سے میراثی کو شہر میں تلاش کیا اور چوہدری کا پیغام پہنچایا۔ میراثی جب بیج کی بوری کمر پر اٹھائے گاؤں پہنچا تو بارش کے باعث ہر طرف کیچڑ ہی کیچڑ تھا۔ وہ حویلی کے گیٹ سے داخل ہوا تو اس کا پاؤں پھسلا اور وہ دھڑام سے بوری سمیت گر گیا۔ بوری پھٹ گئی اور سارا بیج کیچڑ میں بکھر گیا۔ چوہدری نے آگے بڑھ کر میراثی کو اٹھانا چاہا تو وہ کیچڑ میں لیٹے لیٹے ہاتھ کھڑا کر کے بولا ''بس رہنے دیں چوہدری صاحب! آپ کی جلد بازیوں نے ہمیں مار ڈالا ہے''۔ چوہدری پر گھڑوں پانی پڑ گیا اور اسے اپنی غیر حکیمانہ عجلت پر سخت ندامت ہوئی۔

سبق: جلدبازی شیطان کا کام ہے، چاہے وہ فصل بونے میں کی جائے یا ڈیمز وغیرہ بنانے میں۔ دہشت گردی ختم کرنے کے سلسلے میں کی جائے یا لوڈ شیڈنگ اور مہنگائی پر قابو پانے میں۔

# اب میں خوش ہوں

**ذیشان بن صفدر**



بہت پرانے زمانے کی بات ہے جب فلسطینی باشندے اپنی سرزمین میں امن وسکون سے رہا کرتے تھے۔ شہر خلیل میں ایک غریب خیاط (درزی) عمر رہا کرتا تھا۔ عمر بہت تنگ دستی کے دن گزار رہا تھا۔ پھر بھی وہ اپنی قسمت سے شاکی نہیں تھا۔ اس کی جھونپڑی بہت پرانی اور خستہ ہوچکی تھی۔ مسلسل تنگ دستی اور غربت نے اس کے مزاج پر برا اثر ڈالا اور وہ چڑچڑا ہوگیا۔ ذرا سی بات پر وہ اس طرح بھڑک اٹھتا، جیسے کوئی شخص بارود کے ڈھیر میں دیا سلائی لگادے۔ عمر کی بیوی کا انتقال ہوچکا تھا۔ جھونپڑی میں وہ خود، اس کی بیٹی عارفہ اور نواسیاں مل جل کر رہتے تھے۔ کبھی کبھی عمر کو اپنی ننھی منی نواسیوں کا شور بھی ناگوار گزرتا اور نواسیوں کو غصے کے عالم میں برا بھلا کہہ ڈالتا۔ تب اس کی معصوم اور بھولی بھالی نواسیاں بری طرح سہم کر خاموش ہوجایا کرتیں ان کے مسکراتے چہرے سنجیدہ ہوجاتے۔

ایک دن کی بات ہے، بچے حسب معمول ناشتے سے فارغ ہوکر کھیل رہے تھے، عمر ان بچوں کے شور وغل کی آواز سے بری طرح تلملا رہا تھا۔ جب بچوں کا شور وغل اس کی برداشت سے باہر ہوگیا تو وہ پیر پٹختا ہوا جھونپڑی سے باہر نکل گیا۔ پہلے تو وہ کافی دیر تک بے مقصد ادھر ادھر گھومتا رہا۔ پھر اس کے ذہن میں آیا، کیوں نہ کسی سے اس سلسلے میں مشورہ کرلیا جائے۔ مشورے کے نام پر اس کے ذہن میں ابوالحسن کا نام آیا۔ ابوالحسن ایک دانا وبینا شخص تھا۔ بستی کے تمام لوگ اپنے مسائل کے سلسلے میں اسی کے پاس مشورے کے لیے جاتے اور خوش خوش واپس آتے عمر بھی ابوالحسن کے گھر کی طرف چل پڑا۔

ابوالحسن اپنے گھر کے باہر پلنگ پر نیم دراز کوئی بہت ہی موٹی سی جلد کی کتاب پڑھ رہا تھا۔ عمر نے قریب پہنچ کر السلام علیکم کہا۔ ابوالحسن نے وعلیکم السلام کہتے ہوئے کتاب بند کر کے رکھ دی اور اٹھ کر بیٹھتے ہوئے خوش دلی سے بولا۔ آؤ عمر بھائی، کہو کیسے ہو، خیریت تو ہے۔ کام تو ٹھیک ٹھاک چل رہا ہے نا۔ ہاں ابوالحسن بھائی، خدا کا شکر ہے۔ کام تو گزارے کے لائق ٹھیک چل رہا ہے۔ بس اپنی نواسیوں سے بہت تنگ ہوں۔ گھر میں ہر وقت ایک شور ہنگامہ مچائے رکھتی ہیں۔ دو منٹ کو بھی سکون نہیں ملتا۔ کوئی ایسی ترکیب بتائیں کہ اس شور اور ہنگامے سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے نجات مل جائے۔ عمر، ابوالحسن کے پاس ہی بیٹھتے ہوئے بولا۔ اس کی بات سن کر ابوالحسن گہری سوچ میں ڈوب گیا۔ پھر چند لمحوں کے بعد بولا۔

بھائی عمر، آپ اگر شور اور ہنگامے سے نجات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اپنے گھر میں ایک بلی پال لیں۔

بلی۔۔۔۔۔۔ عمر نے حیرت نے پوچھا۔ پھر بولا۔ ابوالحسن بھائی، کیا بلی سے شور شرابے میں اور اضافہ نہیں ہوجائے گا۔

ابوالحسن نے سنجیدگی سے کہا۔ بھائی اگر تم شور سے نجات حاصل کرنا چاہتے ہو تو میرے مشورے پر عمل کرو۔ ورنہ تم جانو اور تمہارا مسئلہ۔ عمر سلام کر کے خاموشی سے گھر واپس آگیا اور ابوالحسن کے مشورے کے مطابق گھر میں ایک بلی پال لی۔ پھر وہی ہوا جس کا اسے خدشہ تھا۔ بلی دن بھر ساری جھونپڑی میں ادھر سے ادھر میاؤں میاؤں کرتی پھرتی۔۔۔۔۔۔ اور یوں شور میں مزید اضافہ ہوگیا۔

کئی دن تک تو عمر اس نئے شور کو بچوں کی ہلڑبازی کے ساتھ برداشت کرتا رہا، آخر تنگ آیا اور تیز تیز چلتا ابوالحسن کے گھر جا پہنچا۔ ابوالحسن اپنے صحن میں لگے پودوں کو پانی دے رہا تھا۔ عمر نے اپنی مشکل اس سے کہہ سنائی۔ ابوالحسن نے کچھ دیر سوچنے کے بعد جواب دیا۔ ہوں۔۔۔۔۔ ایسا کرو اب تم ایک کتا بھی پال لو۔

عمر یہ جواب سن کر الجھن میں پڑ گیا اور سوالیہ نگاہوں سے ابوالحسن کی طرف دیکھا۔ ابوالحسن اس کا مقصد سمجھ کر بولا۔ ہاں سوچو نہیں جاؤ، میرا مشورہ مان لو اور جیسا میں نے کہا ہے، ویسا ہی کرو۔

عمر بادل نخواستہ چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلتا ہوا اپنے گھر واپس لوٹ آیا اور ابوالحسن کے مشورے پر عمل کرتے ہوئے ایک کتا بھی پال لیا۔ اب کیا تھا۔ گھر میں کتے کے بھونکنے کا بھی اضافہ ہوگیا، بلی اور کتا آپس میں لڑتے اور خوب شور مچاتے۔ عمر پھر پریشانی کے عالم میں ابوالحسن کے پاس پہنچا اور مدد کا طالب ہوا۔

ابوالحسن نے عمر کو مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ اب وہ ایک مرغا پال لے۔

مرغا۔۔۔۔۔ عمر نے بڑی گھبراہٹ کے عالم میں پوچھا۔

ہاں بابا مرغا۔۔۔۔۔۔ وہ ککڑوں کوں بولتا ہے۔ ابوالحسن نے مسکرا کر کہا اور اپنی موٹی جلد والی کتاب پڑھنے میں مصروف ہوگیا۔

عمر نے ایک مرغا خرید لیا۔ اب بلی، کتا، مرغا تینوں مل کر خوب شور مچاتے۔ ان کے مشورے سے عمر کی راتوں کی نیند بھی اڑ گئی۔ نواسیوں کا شور تو اسے صرف دن میں ہی تنگ کرتا تھا۔ اب ابوالحسن کے قیمتی مشوروں پر عمل کرتے ہوئے اس کی راتوں کا چین اور آرام بھی غارت ہوکر رہ گیا تھا۔ رات بھر بلی اور کتے کے شور سے جاگتے رہنے کے بعد صبح کے قریب تھکن سے جب اس کی آنکھ لگتی تو مرغا بانگ دے کر اسے جگادیتا۔ عمر پھر پریشان ہوکر اپنے ذہین اور قابل فخر ابوالحسن کے پاس پہنچا اور اپنی بپتا کہہ سنائی۔

ابوالحسن نے ساری روداد سن کر ایک لمبی اور گہری سانس لیتے ہوئے اپنی آنکھیں بند کرلیں۔ پھر کچھ دیر سوچنے کے بعد بولا۔ اچھا تو عمر میاں۔ اب تم ایک گدھا پال لو۔

عمر گدھا پالنے کا مشورہ سن کر مبہوت رہ گیا۔ اس کے چہرے کے گلاب سورج مکھی کا پھول بن گئے وہ اچھی طرح جانتا تھا کہ گدھے کے آنے سے جھونپڑی کا حال کیا ہوگا۔ اسے سوچتے دیکھ کر ابوالحسن نے سختی سے کہا۔ جاؤ زیادہ مت سوچو، انجام کی پرواہ کیے بغیر مشورے پر عمل کرو اور گدھا پال لو۔

لیجئے صاحب، ابوالحسن کے کہنے کے مطابق عمر کے گھر میں ایک گدھے کا اضافہ بھی ہوگیا۔ اب بلی، کتا، مرغا اور گدھا اپنی اپنی بولیاں بول کر خوب شور مچاتے۔ کبھی کتے کی بھوں بھوں گدھے کی آواز سے دب جاتی اور کبھی بلی کی میاؤں میاؤں مرغے کی ککڑوں کوں میں اور جب ایک ساتھ چاروں مل کر کورس کے انداز میں بول اٹھتے تو عمر بڑی بے بسی کے ساتھ اپنے کانوں میں انگلیاں ٹھونس لیتا۔

اس طرح تین دن ہی گزرے تھے کہ اس کی قوت برداشت جواب دے گئی۔ اپنی آنکھوں میں بے بسی کے سائے اور آنسوؤں کے موتی لیے بیچارگی کی مجسم تصویر بنا وہ پھر ابوالحسن کی خدمت میں حاضر ہوا اور روہانسی آواز میں بولا۔ بھائی ابوالحسن میری تو زندگی ایک عذاب بن کر رہ گئی ہے۔ بلی، کتا، اور مرغا پہلے ہی کیا کم تھے، جو آپ نے گدھا بھی جھونپڑی میں پہنچوا دیا۔ اب تو میں کچھ ہی دنوں میں پاگل ہو کر سڑکوں پر بچوں کو ڈھیلے مارتا نظر آؤں گا۔

ابوالحسن کے چہرے پر مسکراہٹ گہری ہوگئی۔ وہ ہنستے ہوئے بولا، اچھا جاؤ، اب تم اپنے گدھے کو فروخت کردو۔

دو دن بعد ابوالحسن خود عمر کے گھر اس کی خیریت پوچھنے کے لیے پہنچا۔ عمر جھونپڑی کے دروازے پر بیٹھا قمیض میں بٹن ٹانک رہا تھا۔ کہو بھائی عمر، کیسے ہو، ابوالحسن نے پوچھا۔

عمر پہلی بار مسکراتے ہوئے بولا۔ آیئے ابوالحسن بھائی، بیٹھے۔ گدھا فروخت کرنے کے بعد سے میں کافی سکون محسوس کررہا ہوں۔ اور بہت خوش ہوں اب صبح ہونے سے قبل کچھ دیر سکون کی نیند بھی سولیتا ہوں، گدھے کی ڈھینچوں ڈھینچوں تو سونے ہی نہیں دیتی تھی۔

ٹھیک ہے اب کتے کو بھی گھر سے نکال دو۔ اور تیسرے دن میرے گھر آکر مجھے اپنی کیفیت بتاؤ۔

تیسرے دن عمر خوشی خوشی مسکراتا ہوا ابوالحسن کے گھر پہنچا، آج تو بہت خوش نظر آرہے ہو۔ ابوالحسن نے اس کے سلام کا جواب دیتے ہوئے پوچھا۔

ہاں بھائی ابوالحسن، میں بہت خوش ہوں۔۔۔۔۔ اور خوشی کی بات یہ ہے کہ جب سے آپ کے کہنے کے مطابق میں نے کتے کو جھونپڑی سے نکالا ہے، تب سے بلی ایک طرف کونے میں خاموش اور سست آنکھیں بند کیے پڑی رہتی ہے۔ اب تو بہت سکون اور خاموشی ہوگئی ہے میرے گھر میں۔

مبارک ہو۔۔۔۔۔۔ بہت بہت مبارک، کہ تمہیں سکون جیسی نعمت حاصل ہوگئی۔ جاؤ اب بلی کو بھی گھر سے نکال دو، ابوالحسن نے ہدایت کی۔

بلی کو رہنے ہی کیوں نہ دیں۔ عمر نے کہا۔ اس کے رہنے سے میرے سکون اور آرام میں کوئی خلل نہیں پڑتا۔

جس طرح کہہ رہا ہوں، ویسے ہی کرو۔ ابوالحسن نے سختی سے کہا۔ عمر نے کچھ کہنا چاہا مگر ابوالحسن نے ہاتھ کے اشارے سے اسے خاموش رہنے کے لیے کہا۔ اور دو دن بعد پھر ملاقات کے لیے کہہ کر اسے رخصت کردیا۔

دو دن پلک جھپکتے ہی گزر گئے۔ عمر خوشی سے جھومتا ہوا ابوالحسن کے گھر پہنچا، اس کے چہرے پر شگفتگی اور تازگی کھلی ہوئی تھی۔

سناؤ بھائی عمر۔ اب کیا حال ہے، ابوالحسن نے سوال کیا۔

خدا کا شکر ہے۔ ابوالحسن بھائی، آپ کے مشورے پر عمل کرتے ہوئے اب گھر میں سکون کی دولت ہی دولت ہے۔۔۔۔۔۔ اب تو جھونپڑی کے سناٹے اور خاموشی سے میں خود کسی وقت گھبرا جاتا ہوں۔ اگر میری ننھی معصوم نواسیوں کے قہقہے جھونپڑی میں نہ گونجیں تو یہ خاموشی مجھے پاگل کردے۔ سچ، اگر یہ لڑکیاں گھر میں نہ ہوتیں تو شاید تنہائی مجھے زندگی سے بیزار کردیتی۔

کیا تم خوش ہو۔ ابوالحسن نے سوال کیا۔

بہت خوش، بھائی ابوالحسن، میں تو اب یہ سمجھتا ہوں کہ میں ہی دنیا کا سب سے خوش نصیب شخص ہوں۔ عمر نے جواب دیا۔

ٹھیک ہے، اب تم جاؤ اور اپنی نواسیوں کے ساتھ خوش و خرم زندگی گزارو۔ دراصل خوشی اور سکون تو تمہارے گرد پہلے ہی موجود تھے، بس تم ان سے لاعلم تھے اور پہچان نہ سکے تھے۔۔۔۔۔!

☆☆☆

